آیاتھا ۴۰ | ۷۸ = سُوْرَةُ النَّبَاِ مَكِّيَّةٌ = ۸۰ | فِيْهَا رُكُوْعَانِ

الجزو - ۳۰

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو بہت مہربان رحم کرنے والا ہے

عَمَّ يَتَسَآءَلُوْنَ ۚ﴿۱﴾ عَنِ النَّبَاِ الْعَظِيْمِ ۙ﴿۲﴾ الَّذِيْ هُمْ فِيْهِ

عَمَّ	يَتَسَآءَلُوْنَ	عَنِ	النَّبَاِ الْعَظِيْمِ	الَّذِيْ	هُمْ	فِيْهِ
کیا - کس	آپس میں پوچھتے ہیں	سے (بابت)	خبر بڑی (قیامت)	جو - جس	وہ	اس میں

لوگ آپس میں کس کے بارے میں پوچھتے ہیں؟ (پوچھتے ہیں) بڑی خبر (قیامت) کی بابت - جس میں وہ

مُخْتَلِفُوْنَ ؕ﴿۳﴾ كَلَّا سَيَعْلَمُوْنَ ۙ﴿۴﴾ ثُمَّ كَلَّا سَيَعْلَمُوْنَ ﴿۵﴾ اَلَمْ نَجْعَلِ الْاَرْضَ

مُخْتَلِفُوْنَ	كَلَّا	سَيَعْلَمُوْنَ	ثُمَّ	كَلَّا	سَيَعْلَمُوْنَ	اَلَمْ	نَجْعَلِ	الْاَرْضَ
اختلاف کرتے ہیں	ہرگز (نہیں)	عنقریب جان لیں گے	پھر	ہرگز نہیں	عنقریب جان لیں گے	کیا نہیں	ہم نے بنایا	زمین

اختلاف کر رہے ہیں - ہرگز نہیں، عنقریب وہ جان لیں گے - پھر ہرگز نہیں، عنقریب جان لیں گے - کیا ہم نے زمین کو نہیں بنایا

مِهٰدًا ۙ﴿۶﴾ وَّالْجِبَالَ اَوْتَادًا ۙ﴿۷﴾ وَّخَلَقْنٰكُمْ اَزْوَاجًا ۙ﴿۸﴾ وَّجَعَلْنَا نَوْمَكُمْ

مِهٰدًا	وَالْجِبَالَ	اَوْتَادًا	وَ	خَلَقْنٰكُمْ	اَزْوَاجًا	وَجَعَلْنَا	نَوْمَكُمْ
بچھونا	اور پہاڑ	میخیں	اور	ہم نے تمہیں پیدا کیا	جوڑے جوڑے	اور ہم نے بنایا	تمہاری نیند

- بچھونا (فرش)؟ اور پہاڑوں کو میخیں، اور ہم نے تمہیں جوڑے جوڑے پیدا کیا، اور تمہارے لئے نیند کو بنایا

سُبَاتًا ۙ﴿۹﴾ وَّجَعَلْنَا الَّيْلَ لِبَاسًا ۙ﴿۱۰﴾ وَّجَعَلْنَا النَّهَارَ مَعَاشًا ۪﴿۱۱﴾ وَّبَنَيْنَا

سُبَاتًا	وَجَعَلْنَا	الَّيْلَ	لِبَاسًا	وَجَعَلْنَا	النَّهَارَ	مَعَاشًا	وَبَنَيْنَا
آرام (راحت)	اور ہم نے بنایا	رات	اوڑھنا (پردہ)	اور ہم نے بنایا	دن	معاش کا وقت	اور ہم نے بنائے

آرام (راحت) اور ہم نے رات کو اوڑھنا (پردہ) بنایا - اور ہم نے دن کو معاش کا وقت بنایا - اور ہم نے بنائے

فَوْقَكُمْ سَبْعًا شِدَادًا ۙ﴿۱۲﴾ وَّجَعَلْنَا سِرَاجًا وَّهَّاجًا ۙ﴿۱۳﴾ وَّاَنْزَلْنَا مِنَ الْمُعْصِرٰتِ

فَوْقَكُمْ	سَبْعًا	شِدَادًا	وَجَعَلْنَا	سِرَاجًا	وَهَّاجًا	وَاَنْزَلْنَا	مِنَ	الْمُعْصِرٰتِ
تمہارے اوپر	سات	مضبوط (آسمان)	اور ہم نے بنایا	چراغ	چمکتا ہوا	اور ہم نے اُتاری	سے	پانی بھری بدلیاں

تمہارے اوپر سات مضبوط (آسمان) - اور ہم نے چمکتا ہوا چراغ (آفتاب) بنایا - اور ہم نے پانی بھری بدلیوں سے اُتاری

مَآءً ثَجَّاجًا ﴿۱۴﴾ لِّنُخْرِجَ بِهٖ حَبًّا وَّنَبَاتًا ﴿۱۵﴾ وَّجَنّٰتٍ اَلْفَافًا ﴿۱۶﴾ اِنَّ

مَآءً ثَجَّاجًا	لِنُخْرِجَ	بِهٖ	حَبًّا	وَنَبَاتًا	وَ	جَنّٰتٍ اَلْفَافًا	اِنَّ
بارش موسلا دھار	تاکہ ہم نکالیں	اس سے	دانہ (اناج)	اور سبزی	اور	باغ پتوں میں لپٹے ہوئے	بیشک

موسلا دھار بارش، تاکہ ہم اس سے اناج اور سبزی نکالیں۔ اور پتوں میں لپٹے ہوئے (گھنے) باغ۔ بیشک

يَوْمَ الْفَصْلِ كَانَ مِيْقَاتًا ﴿۱۷﴾ يَّوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ فَتَاْتُوْنَ اَفْوَاجًا ﴿۱۸﴾

يَوْمَ الْفَصْلِ	كَانَ	مِيْقَاتًا	يَوْمَ	يُنْفَخُ	فِي الصُّوْرِ	فَتَاْتُوْنَ	اَفْوَاجًا
فیصلہ کا دن	ہے	مقررہ وقت	دن	پھونکا جائیگا	صور میں	پھر تم چلے آؤ گے	گروہ در گروہ

فیصلہ کا دن ایک مقررہ وقت ہے، جس دن صور پھونکا جائے گا، پھر تم گروہ در گروہ چلے آؤ گے،

وَفُتِحَتِ السَّمَآءُ فَكَانَتْ اَبْوَابًا ﴿۱۹﴾ وَّسُيِّرَتِ الْجِبَالُ فَكَانَتْ سَرَابًا ﴿۲۰﴾

وَفُتِحَتِ	السَّمَآءُ	فَكَانَتْ	اَبْوَابًا	وَسُيِّرَتِ	الْجِبَالُ	فَكَانَتْ	سَرَابًا
اور کھولا جائے گا	آسمان	تو ہو جائیں گے	دروازے	اور چلائے جائیں گے	پہاڑ	پس ہو جائیں گے	سراب

اور آسمان کھولا جائے گا، تو (اس میں) دروازے ہو جائیں گے، اور پہاڑ چلائے جائیں گے، پس سراب ہو جائیں گے۔

اِنَّ جَهَنَّمَ كَانَتْ مِرْصَادًا ﴿۲۱﴾ لِّلطّٰغِيْنَ مَاٰبًا ﴿۲۲﴾ لّٰبِثِيْنَ فِيْهَآ

اِنَّ	جَهَنَّمَ	كَانَتْ	مِرْصَادًا	لِلطّٰغِيْنَ	مَاٰبًا	لّٰبِثِيْنَ	فِيْهَآ
بیشک	جہنم	ہے	گھات میں	سرکشوں کے لئے	ٹھکانہ	وہ رہیں گے	اس میں

بیشک جہنم گھات میں ہے، سرکشوں کا ٹھکانہ ہے، وہ اس میں رہیں گے

اَحْقَابًا ﴿۲۳﴾ لَا يَذُوْقُوْنَ فِيْهَا بَرْدًا وَّلَا شَرَابًا ﴿۲۴﴾ اِلَّا حَمِيْمًا وَّغَسَّاقًا ﴿۲۵﴾

اَحْقَابًا	لَا يَذُوْقُوْنَ	فِيْهَا	بَرْدًا	وَلَا	شَرَابًا	اِلَّا	حَمِيْمًا	وَغَسَّاقًا
مدّتوں	نہ وہ چکھیں گے	اس میں	ٹھنڈک	اور نہ	پینے کی چیز	مگر	گرم پانی	اور پیپ بہتی

مدّتوں۔ نہ اس میں ٹھنڈک (کا مزہ) چکھیں گے، نہ پینے کی چیز کا، مگر گرم پانی اور بہتی پیپ

جَزَآءً وِّفَاقًا ﴿۲۶﴾ اِنَّهُمْ كَانُوْا لَا يَرْجُوْنَ حِسَابًا ﴿۲۷﴾ وَّكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا

جَزَآءً	وِّفَاقًا	اِنَّهُمْ	كَانُوْا لَا يَرْجُوْنَ	حِسَابًا	وَكَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِنَا
بدلہ	پورا	بیشک وہ	توقع نہیں رکھتے تھے	حساب	اور جھٹلاتے تھے	ہماری آیتیں

(یہ) پورا پورا بدلہ ہو گا۔ بیشک وہ حساب کی توقع نہ رکھتے تھے، اور ہماری آیتوں کو جھٹلاتے تھے

كِذَّابًا ﴿۲۸﴾ وَكُلَّ شَيْءٍ اَحْصَيْنٰهُ كِتٰبًا ﴿۲۹﴾ فَذُوْقُوْا فَلَنْ نَّزِيْدَكُمْ

كِذَّابًا	وَكُلَّ شَيْءٍ	اَحْصَيْنٰهُ	كِتٰبًا	فَذُوْقُوْا	فَلَنْ	نَّزِيْدَكُمْ
جھوٹ جان کر	اور ہر چیز	ہم نے گن رکھی ہے	لکھ کر	اب مزہ چکھو تم	ہرگز نہیں	بڑھاتے جائیں گے

جھوٹ جان کر۔ اور ہم نے ہر چیز گن کر لکھ رکھی ہے، اب مزہ چکھو پس ہم تم پر ہرگز نہ بڑھاتے جائیں گے

ع ۱ ۳۰ ۱

اِلَّا عَذَابًا ﴿۳۰﴾ اِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ مَفَازًا ﴿۳۱﴾ حَدَآئِقَ وَاَعْنَابًا ﴿۳۲﴾ وَّكَوَاعِبَ

اِلَّا	عَذَابًا	اِنَّ	لِلْمُتَّقِيْنَ	مَفَازًا	حَدَآئِقَ	وَاَعْنَابًا	وَكَوَاعِبَ
مگر	عذاب	بیشک	پرہیزگاروں کیلئے	کامیابی	باغات	اور انگور	اور نوجوان عورتیں

مگر عذاب۔ بیشک پرہیزگاروں کے لئے کامیابی ہے، باغات، اور انگور، اور نوجوان عورتیں

اَتْرَابًا ﴿۳۳﴾ وَّكَاْسًا دِهَاقًا ﴿۳۴﴾ لَا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا لَغْوًا وَّلَا كِذّٰبًا ﴿۳۵﴾ جَزَآءً

اَتْرَابًا	وَكَاْسًا	دِهَاقًا	لَا يَسْمَعُوْنَ	فِيْهَا	لَغْوًا	وَّلَا كِذّٰبًا	جَزَآءً
ہم عمر	اور پیالے	چھلکتے ہوئے	نہ سنیں گے وہ	اس میں	بیہودہ	اور نہ جھوٹ (خرافات)	یہ بدلہ

ہم عمر اور چھلکتے ہوئے پیالے۔ وہ اس میں نہ سنیں گے کوئی بیہودہ بات، اور نہ جھوٹ (خرافات)۔ یہ بدلہ

مِّنْ رَّبِّكَ عَطَآءً حِسَابًا ﴿۳۶﴾ رَّبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا الرَّحْمٰنِ

مِنْ	رَّبِّكَ	عَطَآءً	حِسَابًا	رَبِّ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَمَا بَيْنَهُمَا	الرَّحْمٰنِ
سے	تمہارا رب	انعام	حساب سے (کافی)	رب	آسمانوں	اور زمین	اور جو انکے درمیان	بہت مہربان

ہے تمہارے رب کا انعام حساب سے (کافی) رب آسمانوں کا اور زمین کا اور جو کچھ ان کے درمیان ہے بہت مہربان

لَا يَمْلِكُوْنَ مِنْهُ خِطَابًا ﴿۳۷﴾ يَوْمَ يَقُوْمُ الرُّوْحُ وَالْمَلٰٓئِكَةُ صَفًّا

لَا يَمْلِكُوْنَ	مِنْهُ	خِطَابًا	يَوْمَ	يَقُوْمُ الرُّوْحُ	وَالْمَلٰٓئِكَةُ	صَفًّا
وہ قدرت نہیں رکھتے	اس سے	بات کرنا	دن	کھڑے ہونگے روح	اور فرشتے	صف باندھے

وہ اس سے بات کرنے کی قدرت نہیں رکھتے۔ جس دن روح اور فرشتے صف باندھے کھڑے ہونگے

لَّا يَتَكَلَّمُوْنَ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَهُ الرَّحْمٰنُ وَقَالَ صَوَابًا ﴿۳۸﴾ ذٰلِكَ الْيَوْمُ الْحَقُّ

لَا يَتَكَلَّمُوْنَ	اِلَّا	مَنْ	اَذِنَ	لَهُ	الرَّحْمٰنُ	وَقَالَ	صَوَابًا	ذٰلِكَ	الْيَوْمُ	الْحَقُّ
نہ بول سکیں گے	مگر	جو۔جس	اجازت دی	اسکو	رحمٰن	اور بولا	ٹھیک بات	یہ	دن	برحق

نہ بول سکیں گے مگر جس کو رحمٰن نے اجازت دی اور بولے گا ٹھیک بات۔ یہ دن برحق ہے

فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ مَاٰبًا ﴿۳۹﴾ اِنَّاۤ اَنْذَرْنٰكُمْ عَذَابًا قَرِيْبًا ۚ

فَمَنْ	شَآءَ	اتَّخَذَ	اِلٰى رَبِّهٖ	مَاٰبًا	اِنَّاۤ اَنْذَرْنٰكُمْ	عَذَابًا	قَرِيْبًا
پس جو	چاہے	وہ بنائے	اپنے رب کے پاس	ٹھکانا	بیشک ہم نے ڈرایا تمہیں	عذاب	قریب کے

پس جو کوئی چاہے وہ اپنے رب کے پاس ٹھکانا بنائے۔ بیشک ہم نے تمہیں قریب آنے والے عذاب سے ڈرایا ہے،

ع ۲ ۱۰ ۲

يَّوْمَ يَنْظُرُ الْمَرْءُ مَا قَدَّمَتْ يَدٰهُ وَيَقُوْلُ الْكٰفِرُ يٰلَيْتَنِىْ كُنْتُ تُرٰبًا ﴿۴۰﴾ ع

يَوْمَ	يَنْظُرُ	الْمَرْءُ	مَا	قَدَّمَتْ يَدٰهُ	وَيَقُوْلُ	الْكٰفِرُ	يٰلَيْتَنِىْ	كُنْتُ تُرٰبًا
جس دن	دیکھے گا	آدمی	جو	آگے بھیجا اس کا ہاتھ	اور کہے گا	کافر	کاش میں	ہوتا مٹی

جس دن آدمی دیکھ لے گا، جو اس کے ہاتھوں نے آگے بھیجا، اور کافر کہے گا کاش میں مٹی ہوتا!

آیاتُها ۴۶ | ۷۹ = سُوْرَةُ النّٰزِعٰتِ مَكِّيَّةٌ = ۸۱ | فِيْهَا رُكُوْعَانِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے، جو بہت مہربان، رحم کرنے والا ہے

وَالنّٰزِعٰتِ غَرْقًا ﴿۱﴾ وَّالنّٰشِطٰتِ نَشْطًا ﴿۲﴾ وَّالسّٰبِحٰتِ سَبْحًا ﴿۳﴾

وَالنّٰزِعٰتِ	غَرْقًا	وَالنّٰشِطٰتِ	نَشْطًا	وَالسّٰبِحٰتِ	سَبْحًا
قسم کھینچ کر کھینچنے والے	غوطا لگا کر (دشمن کے)	اور چھڑانے والے	کھول کر	اور تیرنے والے	تیزی سے

قسم ہے کھینچ کر (دشمن سے جان) کھینچنے والے (فرشتوں) کی، اور کھول کر چھڑانے والوں کی، اور تیزی سے تیرنے والوں کی،

فَالسّٰبِقٰتِ سَبْقًا ﴿۴﴾ فَالْمُدَبِّرٰتِ اَمْرًا ﴿۵﴾ يَوْمَ تَرْجُفُ الرَّاجِفَةُ ﴿۶﴾

فَالسّٰبِقٰتِ	سَبْقًا	فَالْمُدَبِّرٰتِ	اَمْرًا	يَوْمَ	تَرْجُفُ	الرَّاجِفَةُ
پھر آگے بڑھنے والے	دوڑ کر	پھر تدبیر کرنے والے	حکم کے مطابق	دن	کانپے	کانپنے والی

پھر دوڑ کر آگے بڑھنے والوں کی، پھر حکم کے مطابق تدبیر کرنے والوں کی، جس دن کانپنے والی کانپے۔

تَتْبَعُهَا الرَّادِفَةُ ﴿۷﴾ قُلُوْبٌ يَّوْمَئِذٍ وَّاجِفَةٌ ﴿۸﴾ اَبْصَارُهَا خَاشِعَةٌ ﴿۹﴾

تَتْبَعُهَا	الرَّادِفَةُ	قُلُوْبٌ	يَّوْمَئِذٍ	وَّاجِفَةٌ	اَبْصَارُهَا	خَاشِعَةٌ
اسکے پیچھے آئے	پیچھے آنے والی	کتنے دل	اس دن	دھڑکنے والے	ان کی نگاہیں	جھکی ہوئی

اور اس کے پیچھے آئے پیچھے آنے والی۔ کتنے دل اُس دن دھڑکتے ہوں گے، ان کی نگاہیں جھکی ہوئی۔

يَقُوْلُوْنَ ءَاِنَّا لَمَرْدُوْدُوْنَ فِى الْحَافِرَةِ ﴿۱۰﴾ ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا نَّخِرَةً ﴿۱۱﴾

يَقُوْلُوْنَ	ءَاِنَّا	لَمَرْدُوْدُوْنَ	فِى	الْحَافِرَةِ	ءَاِذَا	كُنَّا	عِظَامًا	نَّخِرَةً
وہ کہتے ہیں	کیا ہم	لوٹائے جائیں گے	میں	پہلی حالت	کیا جب	ہم ہونگے	ہڈیاں	کھوکھلی

وہ کہتے ہیں کیا ہم پہلی حالت میں لوٹائے جائیں گے ؟ کیا جب ہم کھوکھلی ہڈیاں ہو چکے ہوں گے ؟

قَالُوْا تِلْكَ اِذًا كَرَّةٌ خَاسِرَةٌ ﴿۱۲﴾ فَاِنَّمَا هِىَ زَجْرَةٌ وَّاحِدَةٌ ﴿۱۳﴾

قَالُوْا	تِلْكَ	اِذًا	كَرَّةٌ	خَاسِرَةٌ	فَاِنَّمَا	هِىَ	زَجْرَةٌ	وَّاحِدَةٌ
وہ بولے	یہ	پھر	واپسی	خسارہ والی	پھر تو صرف	وہ	ڈانٹ	ایک

وہ بولے یہ پھر خسارے والی واپسی ہے ۔ پھر وہ تو صرف ایک ڈانٹ ہے

فَاِذَا هُمْ بِالسَّاهِرَةِ ﴿۱۴﴾ هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ مُوْسٰى ﴿۱۵﴾ اِذْ نَادٰىهُ رَبُّهٗ

فَاِذَا	هُمْ	بِالسَّاهِرَةِ	هَلْ	اَتٰىكَ	حَدِيْثُ	مُوْسٰى	اِذْ نَادٰىهُ	رَبُّهٗ
پھر اس وقت	وہ	میدان میں	کیا	پہنچی تیرے پاس	بات	موسیٰؑ	جب پکارا اسے	اس کا رب

پھر وہ اس وقت میدان میں (آ رہے ہیں) ۔ کیا تمہارے پاس موسیٰؑ کی بات پہنچی ؟ جب اس کو اس کے رب نے پکارا

بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًى ﴿۱۶﴾ اِذْهَبْ اِلٰى فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ طَغٰى ﴿۱۷﴾ فَقُلْ

بِالْوَادِ	الْمُقَدَّسِ	طُوًى	اِذْهَبْ	اِلٰى	فِرْعَوْنَ	اِنَّهٗ	طَغٰى	فَقُلْ
میدان	مقدس	طویٰ	جاؤ تم	طرف (پاس)	فرعون	بیشک اس	سرکشی کی	پس کہو تم

طُوٰی کے مقدس میدان میں کہ فرعون کے پاس جاؤ، بیشک اس نے سرکشی کی ہے ، پس تم کہو

هَلْ لَّكَ اِلٰٓى اَنْ تَزَكّٰى ﴿۱۸﴾ وَاَهْدِيَكَ اِلٰى رَبِّكَ فَتَخْشٰى ﴿۱۹﴾ فَاَرٰىهُ

هَلْ	لَّكَ	اِلٰى	اَنْ	تَزَكّٰى	وَاَهْدِيَكَ	اِلٰى	رَبِّكَ	فَتَخْشٰى	فَاَرٰىهُ
کیا	تجھ کو	طرف	کہ	تو سنور جائے	اور تجھے راہ دکھاؤں	طرف	تیرا رب	پس تو ڈرے	اس کو دکھائی

کیا تجھ کو (خواہش ہے) کہ تو سنور جائے اور میں تجھے تیرے رب کی طرف راہ دکھاؤں پس تو ڈرے (موسیٰؑ نے) اسکو دکھائی

الْاٰيَةَ الْكُبْرٰى ﴿۲۰﴾ فَكَذَّبَ وَعَصٰى ﴿۲۱﴾ ثُمَّ اَدْبَرَ يَسْعٰى ﴿۲۲﴾ فَحَشَرَ فَنَادٰى ﴿۲۳﴾

الْاٰيَةَ	الْكُبْرٰى	فَكَذَّبَ	وَعَصٰى	ثُمَّ اَدْبَرَ	يَسْعٰى	فَحَشَرَ	فَنَادٰى
نشانی	بڑی	اس نے جھٹلایا	اور نافرمانی کی	پھر پیٹھ پھیر کر چلا	دوڑتا ہوا	پھر جمع کیا	پھر پکارا

بڑی نشانی ۔ اس نے جھٹلایا اور نافرمانی کی ، پھر دوڑتا ہوا پیٹھ پھیر کر چلا ۔ پھر (لوگوں کو) جمع کیا، پھر پکارا

فَقَالَ اَنَا رَبُّكُمُ الْاَعْلٰى ﴿۲۴﴾ فَاَخَذَهُ اللّٰهُ نَكَالَ الْاٰخِرَةِ وَالْاُوْلٰى ﴿۲۵﴾

فَقَالَ	اَنَا	رَبُّكُمُ الْاَعْلٰى	فَاَخَذَهُ	اللّٰهُ	نَكَالَ	الْاٰخِرَةِ	وَالْاُوْلٰى
پھر اس نے کہا	میں	تمہارا رب سب سے بڑا	تو اس کو پکڑا	اللہ	سزا	آخرت	اور دنیا

پھر کہا میں تمہارا سب سے بڑا رب ہوں ۔ تو اللہ نے اس کو دنیا اور آخرت کی سزا میں پکڑا

ع ۱ ۲۶ ۳

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّمَنْ يَّخْشٰى ﴿۲۶﴾ ءَاَنْتُمْ اَشَدُّ خَلْقًا اَمِ السَّمَآءُ ؕ

اِنَّ	فِيْ	ذٰلِكَ	لَعِبْرَةً	لِّمَنْ	يَّخْشٰى	ءَاَنْتُمْ	اَشَدُّ	خَلْقًا	اَمِ السَّمَآءُ
بیشک	میں	اس	عبرت	اس کے لئے جو	ڈرے	کیا تم	زیادہ مشکل	بنانا	یا آسمان

بیشک اس میں اس کے لئے عبرت ہے جو ڈرے ۔ کیا تمہارا بنانا زیادہ مشکل ہے یا آسمان کا

وقفۃ

بَنٰىهَا ﴿۲۷﴾ رَفَعَ سَمْكَهَا فَسَوّٰىهَا ﴿۲۸﴾ لا وَاَغْطَشَ لَيْلَهَا وَاَخْرَجَ

بَنٰىهَا	رَفَعَ	سَمْكَهَا	فَسَوّٰىهَا	وَاَغْطَشَ	لَيْلَهَا	وَاَخْرَجَ
اس کو بنایا	بلند کیا	اس کی چھت	پھر اس کو درست کیا	تاریک کر دیا	اس کی رات	اور نکالی

اس نے اس کو بنایا ۔ اس کی چھت کو بلند کیا پھر اس کو درست کیا ، اس کی رات کو تاریک کر دیا ، اور نکالی

ضُحٰىهَا ﴿۲۹﴾ وَالْاَرْضَ بَعْدَ ذٰلِكَ دَحٰىهَا ؕ ﴿۳۰﴾ اَخْرَجَ مِنْهَا مَآءَهَا وَ

ضُحٰىهَا	وَالْاَرْضَ	بَعْدَ	ذٰلِكَ	دَحٰىهَا	اَخْرَجَ	مِنْهَا	مَآءَهَا	وَ
دن کی روشنی	اور زمین	بعد	اس	اس کو بچھایا	نکالا	اس سے	اس کا پانی	اور

دن کی روشنی ، اور اس کے بعد زمین کو بچھایا ۔ اس سے اس کا پانی نکالا ، اور

مَرْعٰىهَا ﴿۳۱﴾ وَالْجِبَالَ اَرْسٰىهَا ﴿۳۲﴾ لا مَتَاعًا لَّكُمْ وَلِاَنْعَامِكُمْ ؕ ﴿۳۳﴾ فَاِذَا

مَرْعٰىهَا	وَالْجِبَالَ	اَرْسٰىهَا	مَتَاعًا	لَّكُمْ	وَلِاَنْعَامِكُمْ	فَاِذَا
اس کا چارہ	اور پہاڑ	قائم کیا اس کو	فائدہ	تمہارے لئے	اور تمہارے چوپایوں کیلئے	پھر جب

اس کا چارہ ، اور پہاڑ کو قائم کیا تمہارے اور تمہارے چوپایوں کے فائدہ کے لئے ۔ پھر جب

جَآءَتِ الطَّآمَّةُ الْكُبْرٰى ﴿۳۴﴾ يَوْمَ يَتَذَكَّرُ الْاِنْسَانُ مَا سَعٰى ﴿۳۵﴾ لا

جَآءَتِ	الطَّآمَّةُ	الْكُبْرٰى	يَوْمَ	يَتَذَكَّرُ	الْاِنْسَانُ	مَا	سَعٰى
وہ آئے	ہنگامہ	بڑا	دن	یاد کرے گا	انسان	جو	اس نے کمایا

وہ بڑا ہنگامہ آئے گا (قیامت) ، اس دن انسان یاد کرے گا جو اس نے کمایا (اپنے اعمال) ۔

وَبُرِّزَتِ الْجَحِيْمُ لِمَنْ يَّرٰى ﴿٣٦﴾ فَاَمَّا مَنْ طَغٰى ﴿٣٧﴾ وَاٰثَرَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ﴿٣٨﴾

بُرِّزَتِ	الْجَحِيْمُ	لِمَنْ	يَّرٰى	فَاَمَّا	مَنْ	طَغٰى	وَاٰثَرَ	الْحَيٰوةَ	الدُّنْيَا
ظاہر کردی جائے گی	جہنم	اسکے لئے جو	وہ دیکھے گا	پس	جو جیں	سرکشی کی	ترجیح دی	زندگی	دنیا

اور جہنم اس کے لئے ظاہر کردی جائے گی ہر اس کے لئے جو دیکھے گا۔ پس جس نے سرکشی کی اور دنیا کی زندگی کو ترجیح دی

فَاِنَّ الْجَحِيْمَ هِيَ الْمَاْوٰى ﴿٣٩﴾ وَاَمَّا مَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ وَنَهَى

فَاِنَّ	الْجَحِيْمَ	هِيَ	الْمَاْوٰى	وَاَمَّا	مَنْ	خَافَ	مَقَامَ	رَبِّهٖ	وَنَهَى
تو یقیناً	جہنم	وہ	ٹھکانہ	اور جو	جو	ڈرا	کھڑا ہونا	اپنے رب	اور روکا

تو یقیناً اس کا ٹھکانہ جہنم ہے۔ اور جو اپنے رب (کے سامنے) کھڑا ہونے سے ڈرا، اور اس نے روکا

النَّفْسَ عَنِ الْهَوٰى ﴿٤٠﴾ فَاِنَّ الْجَنَّةَ هِيَ الْمَاْوٰى ﴿٤١﴾ يَسْـَٔلُوْنَكَ

النَّفْسَ	عَنِ	الْهَوٰى	فَاِنَّ	الْجَنَّةَ	هِيَ	الْمَاْوٰى	يَسْـَٔلُوْنَكَ
جی۔ دل	سے	خواہش	یقیناً	جنت	وہ	ٹھکانہ	وہ آپؐ سے پوچھتے ہیں

اپنے دل کی خواہش سے، تو یقیناً اس کا ٹھکانہ جنت ہے۔ وہ آپؐ سے پوچھتے ہیں

عَنِ السَّاعَةِ اَيَّانَ مُرْسٰىهَا ﴿٤٢﴾ فِيْمَ اَنْتَ مِنْ ذِكْرٰىهَا ﴿٤٣﴾ اِلٰى رَبِّكَ

عَنِ	السَّاعَةِ	اَيَّانَ	مُرْسٰىهَا	فِيْمَ	اَنْتَ	مِنْ	ذِكْرٰىهَا	اِلٰى	رَبِّكَ
سے (بابت)	قیامت	کب	اس کا ٹھہرنا (قیام)	کیا	تو	سے	اُس کا ذکر	طرف	تمہارا رب

قیامت کی بابت کہ کب (ہوگا) اس کا قیام؟ تمہیں کیا کام اس کے ذکر سے؟ تمہارے رب کی طرف ہے

مُنْتَهٰىهَا ﴿٤٤﴾ اِنَّمَآ اَنْتَ مُنْذِرُ مَنْ يَّخْشٰىهَا ﴿٤٥﴾ كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَهَا

مُنْتَهٰىهَا	اِنَّمَا	اَنْتَ	مُنْذِرُ	مَنْ	يَّخْشٰىهَا	كَاَنَّهُمْ	يَوْمَ	يَرَوْنَهَا
اُس کی انتہا	صرف	آپؐ	ڈرانے والے	جو	اس سے ڈرے	گویا وہ	دن	دیکھیں گے اس کو

اُس کی انتہا۔ آپؐ صرف اس کو ڈرانے والے ہیں جو اس سے ڈرے۔ گویا وہ جس دن اس کو دیکھیں گے

لَمْ يَلْبَثُوْٓا اِلَّا عَشِيَّةً اَوْ ضُحٰىهَا ﴿٤٦﴾

لَمْ	يَلْبَثُوْا	اِلَّا	عَشِيَّةً	اَوْ	ضُحٰىهَا
نہیں	ٹھہرے وہ	مگر	ایک شام	یا	اس کی ایک صبح

(ایسا لگے گا) وہ نہیں ٹھہرے مگر ایک شام یا اس کی ایک صبح

ع ۲ ۲۰ ۴

اٰیاتُھا ۴۲ | ۸۰ = سُوْرَۃُ عَبَسَ مَکِّیَّۃٌ = ۲۴ | رُکُوْعُھا ۱

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے جو بہت مہربان، رحم کرنے والا ہے

عَبَسَ وَتَوَلّٰٓی ۝۱ اَنْ جَآءَهُ الْاَعْمٰی ۝۲ وَمَا یُدْرِیْكَ لَعَلَّهٗ یَزَّكّٰٓی ۝۳

عَبَسَ	وَتَوَلّٰی	اَنْ	جَآءَهُ	الْاَعْمٰی	وَمَا	یُدْرِیْكَ	لَعَلَّهٗ	یَزَّكّٰٓی
تیوری چڑھائی	اور منہ موڑ لیا	کہ	آیا اسکے پاس	ایک نابینا	اور کیا	خبر آپؐ کو	شاید وہ	سنور جاتا

تیوری چڑھائی اور منہ موڑ لیا کہ اس کے پاس ایک نابینا آیا ، اور آپؐ کو کیا خبر شاید وہ سنور جاتا ،

اَوْ یَذَّكَّرُ فَتَنْفَعَهُ الذِّكْرٰی ۝۴ اَمَّا مَنِ اسْتَغْنٰی ۝۵ فَاَنْتَ لَهٗ

اَوْ	یَذَّكَّرُ	فَتَنْفَعَهُ	الذِّكْرٰی	اَمَّا	مَنِ	اسْتَغْنٰی	فَاَنْتَ	لَهٗ
یا	نصیحت مانتا	اسے نفع پہنچاتا	نصیحت کرنا	اور جو	جس	بے پروائی کی	تو آپؐ	اس کے لئے

یا نصیحت مانتا تو نصیحت کرنا اسے نفع پہنچاتا۔ اور جس نے بے پروائی کی آپؐ اس کے لئے

تَصَدّٰی ۝۶ وَمَا عَلَیْكَ اَلَّا یَزَّكّٰی ۝۷ وَاَمَّا مَنْ جَآءَكَ یَسْعٰی ۝۸ وَهُوَ

تَصَدّٰی	وَمَا	عَلَیْكَ	اَلَّا	یَزَّكّٰی	وَاَمَّا	مَنْ	جَآءَكَ	یَسْعٰی	وَهُوَ
فکر کرتے ہو	اور نہیں	آپؐ پر	اگر نہ	وہ سنورے	اور جو	جو	آیا آپ کے پاس	دوڑتا	اور وہ

فکر کرتے ہیں۔ اور آپؐ پر (کوئی الزام) نہیں اگر وہ نہ سنورے۔ اور جو آپؐ کے پاس دوڑتا ہوا آیا، اور وہ

یَخْشٰی ۝۹ فَاَنْتَ عَنْهُ تَلَهّٰی ۝۱۰ كَلَّآ اِنَّهَا تَذْكِرَةٌ ۝۱۱ فَمَنْ شَآءَ ذَكَرَهٗ ۝۱۲

یَخْشٰی	فَاَنْتَ	عَنْهُ	تَلَهّٰی	كَلَّآ	اِنَّهَا	تَذْكِرَةٌ	فَمَنْ	شَآءَ	ذَكَرَهٗ
ڈرتا ہے	تو آپؐ	اس سے	تغافل کرتے ہو	ہرگز نہیں	یہ تو	نصیحت	سو جو	چاہے	اس سے نصیحت قبول کرے

ڈرتا بھی ہے تو آپؐ اس سے تغافل کرتے ہیں۔ ہرگز نہیں، یہ تو (کتابِ) نصیحت ہے۔ سو جو چاہے اس سے نصیحت قبول کرے

فِیْ صُحُفٍ مُّكَرَّمَةٍ ۝۱۳ مَّرْفُوْعَةٍ مُّطَهَّرَةٍ ۝۱۴ بِاَیْدِیْ سَفَرَةٍ ۝۱۵

فِیْ	صُحُفٍ	مُّكَرَّمَةٍ	مَّرْفُوْعَةٍ	مُّطَهَّرَةٍ	بِاَیْدِیْ	سَفَرَةٍ
میں	صحیفے (اوراق)	باعزت	بلند مرتبہ	انتہائی پاکیزہ	ہاتھوں میں	لکھنے والے

باعزت اوراق میں، بلند مرتبہ، انتہائی پاکیزہ، لکھنے والے ہاتھوں میں

كِرَامٍ بَرَرَةٍ ﴿١٦﴾ قُتِلَ الْاِنْسَانُ مَآ اَكْفَرَهٗ ﴿١٧﴾ مِنْ اَيِّ شَيْءٍ خَلَقَهٗ ﴿١٨﴾

كِرَامٍ	بَرَرَةٍ	قُتِلَ	الْاِنْسَانُ	مَآ اَكْفَرَهٗ	مِنْ	اَيِّ	شَيْءٍ	خَلَقَهٗ
بزرگ	نیکوکار	مارا جائے	انسان	کیسا ناشکرا	سے	کس	چیز	اسے پیدا کیا

بزرگ، نیکوکار لوگ - انسان مارا جائے کیسا ناشکرا ہے۔ اس (اللہ) نے اسے کس چیز سے پیدا کیا؟

مِنْ نُّطْفَةٍ خَلَقَهٗ فَقَدَّرَهٗ ﴿١٩﴾ ثُمَّ السَّبِيْلَ يَسَّرَهٗ ﴿٢٠﴾ ثُمَّ اَمَاتَهٗ فَاَقْبَرَهٗ ﴿٢١﴾

مِنْ	نُّطْفَةٍ	خَلَقَهٗ	فَقَدَّرَهٗ	ثُمَّ	السَّبِيْلَ	يَسَّرَهٗ	ثُمَّ	اَمَاتَهٗ	فَاَقْبَرَهٗ
سے	نطفہ	اسکو پیدا کیا	اسے اندازہ پر رکھا	پھر	راہ	اسکو آسان کر دیا	پھر	اسے مُردہ کیا	پھر اسے قبر میں رکھوایا

اس کو ایک نُطفہ سے پیدا کیا، پھر اُسے اندازہ پر رکھا، پھر اس کی راہ آسان کر دی، پھر اس کو مُردہ کیا، پھر اسے قبر میں رکھوایا

ثُمَّ اِذَا شَآءَ اَنْشَرَهٗ ﴿٢٢﴾ كَلَّا لَمَّا يَقْضِ مَآ اَمَرَهٗ ﴿٢٣﴾ فَلْيَنْظُرِ الْاِنْسَانُ

ثُمَّ	اِذَا	شَآءَ	اَنْشَرَهٗ	كَلَّا	لَمَّا	يَقْضِ	مَآ	اَمَرَهٗ	فَلْيَنْظُرِ	الْاِنْسَانُ
پھر	جب	چاہا	اسے نکالا	ہرگز نہیں	ابھی تک	پورا کیا	جو	اس کو حکم دیا	پس چاہیئے کہ دیکھے	انسان

پھر جب چاہا اس کو نکالا۔ اس نے ہرگز پورا نہ کیا جو اس نے اس کو حکم دیا۔ پس چاہیئے کہ انسان دیکھ لے

اِلٰى طَعَامِهٖٓ ﴿٢٤﴾ اَنَّا صَبَبْنَا الْمَآءَ صَبًّا ﴿٢٥﴾ ثُمَّ شَقَقْنَا الْاَرْضَ شَقًّا ﴿٢٦﴾

اِلٰى	طَعَامِهٖٓ	اَنَّا	صَبَبْنَا	الْمَآءَ	صَبًّا	ثُمَّ	شَقَقْنَا	الْاَرْضَ	شَقًّا
طرف (کو)	اپنا کھانا	کہ ہم	اوپر سے ڈالا	پانی	گرتا ہوا	پھر	پھاڑا (چیرا)	زمین	پھاڑ کر

اپنے کھانے کو، ہم نے اوپر سے گرتا ہوا پانی ڈالا، پھر زمین کو پھاڑ کر چیرا،

فَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا حَبًّا ﴿٢٧﴾ وَّعِنَبًا وَّقَضْبًا ﴿٢٨﴾ وَّزَيْتُوْنًا وَّنَخْلًا ﴿٢٩﴾ وَّحَدَآئِقَ

فَاَنْۢبَتْنَا	فِيْهَا	حَبًّا	وَّعِنَبًا	وَّقَضْبًا	وَّزَيْتُوْنًا	وَّنَخْلًا	وَّحَدَآئِقَ
پھر ہم نے اگایا	اس میں	غلّہ	اور انگور	اور ترکاری	اور زیتون	اور کھجور	اور باغات

پھر ہم نے اس میں اُگایا غلّہ، اور انگور، اور ترکاری، اور زیتون، اور کھجور، اور باغات

غُلْبًا ﴿٣٠﴾ وَّفَاكِهَةً وَّاَبًّا ﴿٣١﴾ مَّتَاعًا لَّكُمْ وَلِاَنْعَامِكُمْ ﴿٣٢﴾ فَاِذَا جَآءَتِ

غُلْبًا	وَّفَاكِهَةً	وَّاَبًّا	مَّتَاعًا	لَّكُمْ	وَلِاَنْعَامِكُمْ	فَاِذَا	جَآءَتِ
گھنے	اور میوہ	اور چارہ	فائدہ	تمہارے لئے	اور تمہارے چوپایوں کے لئے	پھر جب	آئے

گھنے، اور میوہ، اور چارہ تمہارے اور تمہارے چوپایوں کے فائدہ کے لئے پھر جب آئے

الصَّآخَّةُ ﴿۳۳﴾ يَوْمَ يَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ اَخِيْهِ ﴿۳۴﴾ وَاُمِّهٖ وَاَبِيْهِ ﴿۳۵﴾ وَصَاحِبَتِهٖ

الصَّآخَّةُ	يَوْمَ	يَفِرُّ	الْمَرْءُ	مِنْ	اَخِيْهِ	وَاُمِّهٖ	وَاَبِيْهِ	وَصَاحِبَتِهٖ
کان پھوڑنے والی	جس دن	بھاگے	آدمی	سے	اپنے بھائی	اور اپنی ماں	اور اپنا باپ	اور اپنی بیوی

کان پھوڑنے والی جس دن بھاگے آدمی اپنے بھائی، اپنی ماں، اور اپنے باپ، اور اپنی بیوی سے

وَبَنِيْهِ ﴿۳۶﴾ لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ يَوْمَئِذٍ شَاْنٌ يُّغْنِيْهِ ﴿۳۷﴾ وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ

وَبَنِيْهِ	لِكُلِّ	امْرِئٍ	مِّنْهُمْ	يَوْمَئِذٍ	شَاْنٌ	يُّغْنِيْهِ	وُجُوْهٌ	يَّوْمَئِذٍ
اور اپنے بیٹے	واسطے ہر ایک	آدمی	اُن سے	اُس دن	حالت (فکر)	اسے کافی ہوگی	بہت چہرے	اُس دن

اور اپنے بیٹے سے۔ اس دن اُن میں سے ہر ایک آدمی کو ایک فکر ہے جو اسے کافی ہوگا۔ اس دن بہت سے چہرے

مُّسْفِرَةٌ ﴿۳۸﴾ ضَاحِكَةٌ مُّسْتَبْشِرَةٌ ﴿۳۹﴾ وَوُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ عَلَيْهَا غَبَرَةٌ ﴿۴۰﴾

مُّسْفِرَةٌ	ضَاحِكَةٌ	مُّسْتَبْشِرَةٌ	وَوُجُوْهٌ	يَّوْمَئِذٍ	عَلَيْهَا	غَبَرَةٌ
چمکتے	ہنستے	خوشیاں مناتے	اور بہت چہرے	اس دن	اُن پر	غبار

چمکتے، ہنستے اور خوشیاں مناتے ہوں گے، اور اس دن بہت سے چہروں پر غبار ہوگا

ع ۱ ۲ ۵

تَرْهَقُهَا قَتَرَةٌ ﴿۴۱﴾ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْكَفَرَةُ الْفَجَرَةُ ﴿۴۲﴾

تَرْهَقُهَا	قَتَرَةٌ	اُولٰٓئِكَ	هُمُ	الْكَفَرَةُ	الْفَجَرَةُ
چھائی ہوئی	سیاہی	یہی لوگ	وہ	کافر	گنہگار

سیاہی چھائی ہوئی (ہوگی) یہی لوگ ہیں کافر گنہگار۔

اٰیاتُھا ۲۹ | ۸۱ = سُوْرَةُ التَّكْوِيْرِ مَكِّيَّةٌ = ۷ | رُكُوْعُھا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو بہت مہربان، رحم کرنے والا ہے

اِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ ﴿۱﴾ وَاِذَا النُّجُوْمُ انْكَدَرَتْ ﴿۲﴾ وَاِذَا الْجِبَالُ سُيِّرَتْ ﴿۳﴾

اِذَا	الشَّمْسُ	كُوِّرَتْ	وَاِذَا	النُّجُوْمُ	انْكَدَرَتْ	وَاِذَا	الْجِبَالُ	سُيِّرَتْ
جب	سورج	لپیٹ دیا جائے	اور جب	ستارے	ماند پڑ جائیں	اور جب	پہاڑ	چلائے جائیں

جب سورج لپیٹ دیا جائے، اور جب ستارے ماند پڑ جائیں، اور جب پہاڑ چلائے جائیں،

وَاِذَا الْعِشَارُ عُطِّلَتْ ﴿۴﴾ وَاِذَا الْوُحُوْشُ حُشِرَتْ ﴿۵﴾ وَاِذَا الْبِحَارُ

وَاِذَا	الْعِشَارُ	عُطِّلَتْ	وَاِذَا	الْوُحُوْشُ	حُشِرَتْ	وَاِذَا	الْبِحَارُ
اور جب	دس ماہ کی گابھن اونٹنیاں	چھوٹی پھریں	اور جب	وحشی جانور	اکٹھے کئے جائیں	اور جب	دریا

اور جب دس ماہ کی گابھن اونٹنیاں چھوٹی پھریں، اور جب وحشی جانور اکٹھے کئے جائیں، اور جب دریا

سُجِّرَتْ ﴿۶﴾ وَاِذَا النُّفُوْسُ زُوِّجَتْ ﴿۷﴾ وَاِذَا الْمَوْءٗدَةُ سُئِلَتْ ﴿۸﴾

سُجِّرَتْ	وَاِذَا	النُّفُوْسُ	زُوِّجَتْ	وَاِذَا	الْمَوْءٗدَةُ	سُئِلَتْ
بھڑکائے جائیں	اور جب	جانیں	جوڑے باندھے جائیں	اور جب	زندہ گاڑی ہوئی لڑکی	پوچھا جائے

بھڑکائے جائیں، اور جب جانوں کے جوڑے باندھے جائیں، اور جب زندہ گاڑی ہوئی (زندہ درگور) لڑکی سے پوچھا جائے

بِاَیِّ ذَنْۢبٍ قُتِلَتْ ﴿۹﴾ وَاِذَا الصُّحُفُ نُشِرَتْ ﴿۱۰﴾ وَاِذَا السَّمَآءُ كُشِطَتْ ﴿۱۱﴾

بِاَیِّ	ذَنْۢبٍ	قُتِلَتْ	وَاِذَا	الصُّحُفُ	نُشِرَتْ	وَاِذَا	السَّمَآءُ	كُشِطَتْ
کس	گناہ	ماری گئی	اور جب	اعمال نامے	کھولے جائیں	اور جب	آسمان	کھال کھینچ لی جائے

وہ کس گناہ میں ماری گئی؟ اور جب اعمالنامے کھولے جائیں، اور جب آسمان کی کھال کھینچ لی جائے

وَاِذَا الْجَحِيْمُ سُعِّرَتْ ﴿۱۲﴾ وَاِذَا الْجَنَّةُ اُزْلِفَتْ ﴿۱۳﴾ عَلِمَتْ نَفْسٌ

وَاِذَا	الْجَحِيْمُ	سُعِّرَتْ	وَاِذَا	الْجَنَّةُ	اُزْلِفَتْ	عَلِمَتْ	نَفْسٌ
اور جب	جہنم	بھڑکائی جائے	اور جب	جنت	قریب لائی جائے	جان لے گا	ہر شخص

اور جب جہنم بھڑکائی جائے، اور جب جنت قریب لائی جائے ہر شخص جان لے گا

مَّآ اَحْضَرَتْ ﴿۱۴﴾ فَلَآ اُقْسِمُ بِالْخُنَّسِ ﴿۱۵﴾ الْجَوَارِ الْكُنَّسِ ﴿۱۶﴾ وَالَّيْلِ

مَا	اَحْضَرَتْ	فَلَآ اُقْسِمُ	بِالْخُنَّسِ	الْجَوَارِ	الْكُنَّسِ	وَالَّيْلِ
جو کچھ	وہ لایا	سو میں قسم کھاتا ہوں	پیچھے ہٹ جانے والے	سیدھے چلنے والے	چھپ جانے والے	اور رات

وہ جو کچھ لایا ہے۔ سو میں قسم کھاتا ہوں (ستارے کی) پیچھے ہٹ جانے والے، سیدھے چلنے والے چھپ جانے والے اور رات کی

اِذَا عَسْعَسَ ﴿۱۷﴾ وَالصُّبْحِ اِذَا تَنَفَّسَ ﴿۱۸﴾ اِنَّهٗ لَقَوْلُ رَسُوْلٍ كَرِيْمٍ ﴿۱۹﴾

اِذَا	عَسْعَسَ	وَالصُّبْحِ	اِذَا	تَنَفَّسَ	اِنَّهٗ	لَقَوْلُ	رَسُوْلٍ	كَرِيْمٍ
جب	پھیل جائے	اور صبح	جب	دم بھرے	بیشک یہ	کلام	قاصد	عزت والا

جب وہ پھیل جائے، اور صبح کی جب دم بھرے (نمودار ہو) بیشک یہ (قرآن) کلام ہے عزت والے قاصد (فرشتہ) کا

ذِيْ قُوَّةٍ عِنْدَ ذِي الْعَرْشِ مَكِيْنٍ ﴿۲۰﴾ مُّطَاعٍ ثَمَّ اَمِيْنٍ ﴿۲۱﴾ وَمَا صَاحِبُكُمْ

ذِيْ قُوَّةٍ	عِنْدَ	ذِي الْعَرْشِ	مَكِيْنٍ	مُطَاعٍ	ثَمَّ اَمِيْنٍ	وَمَا	صَاحِبُكُمْ
قوت والا	نزدیک	عرش کے مالک	بلند مرتبہ	سب کا مانا ہوا	وہاں کا امانتدار	اور نہیں	تمہارا رفیق

قوت والا، عرش کے مالک کے نزدیک بلند مرتبہ، سب کا مانا ہوا، وہاں کا امانتدار۔ اور تمہارے رفیق (حضرت محمدؐ)

بِمَجْنُوْنٍ ﴿۲۲﴾ وَلَقَدْ رَاٰهُ بِالْاُفُقِ الْمُبِيْنِ ﴿۲۳﴾ وَمَا هُوَ عَلَى الْغَيْبِ بِضَنِيْنٍ ﴿۲۴﴾

بِمَجْنُوْنٍ	وَلَقَدْ رَاٰهُ	بِالْاُفُقِ	الْمُبِيْنِ	وَمَا هُوَ	عَلَى الْغَيْبِ	بِضَنِيْنٍ
دیوانہ	اور اس نے اس کو دیکھا ہے	کنارہ پر	کھلا	اور نہیں وہ	غیب پر	بخل کرنے والا

کچھ دیوانے نہیں اور اُس (محمدؐ) نے اِس (فرشتہ) کو کھلے (آسمان) کے کنارہ پر دیکھا اور وہ غیب پر بخل کرنے والے نہیں۔

وَمَا هُوَ بِقَوْلِ شَيْطٰنٍ رَّجِيْمٍ ﴿۲۵﴾ فَاَيْنَ تَذْهَبُوْنَ ﴿۲۶﴾ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ

وَمَا هُوَ	بِقَوْلِ	شَيْطٰنٍ	رَّجِيْمٍ	فَاَيْنَ	تَذْهَبُوْنَ	اِنْ هُوَ	اِلَّا	ذِكْرٌ
اور نہیں	کہا ہوا	شیطان	مردود	پھر کدھر	تم جا رہے ہو	نہیں وہ	مگر	نصیحت

اور یہ (قرآن) شیطان مردود کا کہا ہوا نہیں، پھر تم کدھر جا رہے ہو؟ یہ نہیں ہے مگر (کتابِ) نصیحت

لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۲۷﴾ لِمَنْ شَآءَ مِنْكُمْ اَنْ يَّسْتَقِيْمَ ﴿۲۸﴾ وَمَا تَشَآءُوْنَ

لِلْعٰلَمِيْنَ	لِمَنْ	شَآءَ	مِنْكُمْ	اَنْ	يَّسْتَقِيْمَ	وَمَا تَشَآءُوْنَ
تمام جہانوں کے لئے	لئے + جو	چاہے	تم سے	کہ	وہ سیدھا چلے	اور تم نہ چاہو گے

تمام جہانوں کے لئے، تم میں سے جو بھی چاہے کہ وہ سیدھا راستہ چلے، اور تم نہ چاہو گے

اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۲۹﴾ ع ۱ ۶

اِلَّا	اَنْ	يَشَآءَ	اللّٰهُ	رَبُّ	الْعٰلَمِيْنَ
مگر	یہ کہ	چاہے	اللہ	رب	تمام جہان

مگر یہ کہ جو تمام جہانوں کا رب چاہے۔

اٰيَاتُهَا ۱۹ | ۸۲ = سُوْرَةُ الْاِنْفِطَارِ مَكِّيَّةٌ = ۸۲ | رُكُوْعُهَا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو بہت مہربان، رحم کرنے والا ہے۔

اِذَا السَّمَآءُ انْفَطَرَتْ ۝۱ وَاِذَا الْكَوَاكِبُ انْتَثَرَتْ ۝۲ وَاِذَا الْبِحَارُ

اِذَا	السَّمَآءُ	انْفَطَرَتْ	وَاِذَا	الْكَوَاكِبُ	انْتَثَرَتْ	وَاِذَا	الْبِحَارُ
جب	آسمان	پھٹ جائے	اور جب	ستارے	جھڑ پڑیں	اور جب	دریا

جب آسمان پھٹ جائے ، اور جب ستارے جھڑ پڑیں ، اور جب دریا

فُجِّرَتْ ۝۳ وَاِذَا الْقُبُوْرُ بُعْثِرَتْ ۝۴ عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ

فُجِّرَتْ	وَاِذَا	الْقُبُوْرُ	بُعْثِرَتْ	عَلِمَتْ	نَفْسٌ	مَا	قَدَّمَتْ
اُبل پڑیں (بہہ نکلیں)	اور جب	قبریں	کُریدی جائیں	جان لے	ہر شخص	کیا	اس نے آگے بھیجا

اُبل پڑیں ، اور جب قبریں کریدی جائیں ، ہر شخص جان لے گا اُس نے آگے کیا بھیجا ؟

وَاَخَّرَتْ ۝۵ يٰٓاَيُّهَا الْاِنْسَانُ مَا غَرَّكَ بِرَبِّكَ الْكَرِيْمِ ۝۶ الَّذِيْ

وَاَخَّرَتْ	يٰٓاَيُّهَا	الْاِنْسَانُ	مَا غَرَّكَ	بِرَبِّكَ	الْكَرِيْمِ	الَّذِيْ
اور پیچھے چھوڑا	اے	انسان	کس چیز نے تجھے دھوکہ دیا	اپنے رب سے	کریم	جس نے

اور پیچھے (کیا) چھوڑا ؟ اے انسان تجھے اپنے رب کریم کے بارہ میں کس چیز نے دھوکہ دیا جس نے

خَلَقَكَ فَسَوّٰىكَ فَعَدَلَكَ ۝۷ فِيْٓ اَيِّ صُوْرَةٍ مَّا شَآءَ رَكَّبَكَ ۝۸ كَلَّا

خَلَقَكَ	فَسَوّٰىكَ	فَعَدَلَكَ	فِيْ	اَيِّ صُوْرَةٍ	مَا شَآءَ	رَكَّبَكَ	كَلَّا
تجھے پیدا کیا	پھر تجھے ٹھیک کیا	پھر برابر کیا	میں	جس صورت	چاہا	تجھے جوڑ دیا	ہرگز نہیں

تجھے پیدا کیا ، پھر ٹھیک کیا ، پھر برابر کیا ، جس صورت میں چاہا تجھے جوڑ دیا ۔ ہرگز نہیں ،

بَلْ تُكَذِّبُوْنَ بِالدِّيْنِ ۝۹ وَاِنَّ عَلَيْكُمْ لَحٰفِظِيْنَ ۝۱۰ كِرَامًا كَاتِبِيْنَ ۝۱۱

بَلْ	تُكَذِّبُوْنَ	بِالدِّيْنِ	وَاِنَّ	عَلَيْكُمْ	لَحٰفِظِيْنَ	كِرَامًا	كَاتِبِيْنَ
بلکہ	تم جھٹلاتے ہو	جزا و سزا کا دن	اور بیشک	تم پر	نگہبان	عزت والے	لکھنے والے

بلکہ تم جزا و سزا کے دن (قیامت) کو جھٹلاتے ہو ، اور بیشک تم پر نگہبان (مقرر) ہیں عزت والے (اعمال) لکھنے والے

يَعْلَمُوْنَ مَا تَفْعَلُوْنَ ۝۱۲ اِنَّ الْاَبْرَارَ لَفِيْ نَعِيْمٍ ۝۱۳ وَاِنَّ الْفُجَّارَ

يَعْلَمُوْنَ	مَا تَفْعَلُوْنَ	اِنَّ	الْاَبْرَارَ	لَفِيْ	نَعِيْمٍ	وَاِنَّ	الْفُجَّارَ
وہ جانتے ہیں	جو تم کرتے ہو	بیشک	نیک لوگ	میں	جنت	اور بیشک	گنہگار

جو تم کرتے ہو وہ جانتے ہیں ۔ بیشک نیک لوگ جنت میں ہوں گے ۔ اور بیشک گنہگار

لَفِيْ جَحِيْمٍ ﴿١٤﴾ يَّصْلَوْنَهَا يَوْمَ الدِّيْنِ ﴿١٥﴾ وَمَا هُمْ عَنْهَا بِغَآئِبِيْنَ ﴿١٦﴾

لَفِيْ	جَحِيْمٍ	يَصْلَوْنَهَا	يَوْمَ الدِّيْنِ	وَمَا هُمْ	عَنْهَا	بِغَآئِبِيْنَ
میں	جہنم	ڈالے جائیں گے اس میں	روزِ جزا و سزا (قیامت)	اور وہ نہیں	اس سے	غائب (جدا ہونے والے)

جہنم میں ہوں گے۔ اس میں روزِ جزا و سزا (قیامت کے دن) ڈالے جائیں گے اور وہ اس سے جدا ہونے والے نہ ہوں گے۔

وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا يَوْمُ الدِّيْنِ ﴿١٧﴾ ثُمَّ مَآ اَدْرٰىكَ مَا يَوْمُ الدِّيْنِ ﴿١٨﴾

وَ مَآ اَدْرٰىكَ	مَا	يَوْمُ الدِّيْنِ	ثُمَّ	مَا	اَدْرٰىكَ	مَا	يَوْمُ الدِّيْنِ
اور تمہیں کیا خبر	کیا	روزِ جزا و سزا	پھر	کیا	تمہیں خبر	کیا	روز جزا و سزا

اور تمہیں کیا خبر روزِ جزا و سزا کیا ہے؟ پھر تمہیں کیا خبر روزِ جزا و سزا کیا ہے؟

ع ۱ ۱۹ ۷

يَوْمَ لَا تَمْلِكُ نَفْسٌ لِّنَفْسٍ شَيْـًٔا ۭ وَالْاَمْرُ يَوْمَىِٕذٍ لِّلّٰهِ ﴿١٩﴾

يَوْمَ	لَا تَمْلِكُ	نَفْسٌ	لِّنَفْسٍ	شَيْـًٔا	وَالْاَمْرُ	يَوْمَىِٕذٍ	لِّلّٰهِ
جس دن	مالک نہ ہوگا	کوئی شخص	کسی شخص کے لئے	کچھ	اور حکم	اس دن	اللہ کے لئے

جس دن کوئی شخص کسی شخص کا مالک نہ ہوگا (کچھ بھلا نہ کر سکے گا) اس دن حکم اللہ ہی کا ہوگا۔

اٰيَاتُهَا ۳۶ | ۸۳ = سُوْرَةُ الْمُطَفِّفِيْنَ مَكِّيَّةٌ = ۸۶ | رُكُوْعُهَا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو بہت مہربان، اور رحم کرنے والا ہے

وَيْلٌ لِّلْمُطَفِّفِيْنَ ﴿١﴾ الَّذِيْنَ اِذَا اكْتَالُوْا عَلَى النَّاسِ يَسْتَوْفُوْنَ ﴿٢﴾

وَيْلٌ	لِّلْمُطَفِّفِيْنَ	الَّذِيْنَ	اِذَا اكْتَالُوْا	عَلَى	النَّاسِ	يَسْتَوْفُوْنَ
خرابی	کمی کرنے والوں کے لئے	وہ جو کہ	جب ماپ کر لیں	پر (سے)	لوگ	پورا بھر لیں

خرابی ہے کمی کرنے والوں کے لئے، جو (لوگوں سے) ماپ کر لیں تو پورا بھر کر لیں،

وَاِذَا كَالُوْهُمْ اَوْ وَّزَنُوْهُمْ يُخْسِرُوْنَ ﴿٣﴾ اَلَا يَظُنُّ اُولٰۗىِٕكَ اَنَّهُمْ

وَاِذَا	كَالُوْهُمْ	هُمْ	اَوْ وَّزَنُوْهُمْ	يُخْسِرُوْنَ	اَلَا	يَظُنُّ	اُولٰۗىِٕكَ	اَنَّهُمْ
اور جب	ماپ کر دیں	وہ	یا تول کر دیں	گھٹا کر دیں	کیا نہیں	خیال کرتے	یہ لوگ	کہ وہ

اور جب (دوسروں کو) ماپ کر یا تول کر دیں تو گھٹا کر دیں۔ کیا یہ لوگ خیال نہیں کرتے کہ وہ

مَّبْعُوْثُوْنَ ﴿۴﴾ لِيَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿۵﴾ يَّوْمَ يَقُوْمُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۶﴾

مَبْعُوْثُوْنَ	لِيَوْمٍ	عَظِيْمٍ	يَوْمَ	يَقُوْمُ	النَّاسُ	لِرَبِّ	الْعٰلَمِيْنَ
اٹھائے جانے والے ہیں	ایک دن	بڑا	دن	کھڑے ہونگے	لوگ	رب کے سامنے	تمام جہان

اٹھائے جانے والے ہیں ایک بڑے دن، جس دن لوگ کھڑے ہوں گے تمام جہانوں کے رب کے سامنے۔

كَلَّآ اِنَّ كِتٰبَ الْفُجَّارِ لَفِيْ سِجِّيْنٍ ﴿۷﴾ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا سِجِّيْنٌ ﴿۸﴾

كَلَّآ	اِنَّ	كِتٰبَ	الْفُجَّارِ	لَفِيْ	سِجِّيْنٍ	وَمَا	اَدْرٰىكَ	مَا سِجِّيْنٌ
ہرگز نہیں	بیشک	اعمال نامہ	بدکار	البتہ میں	سجّین	اور کیا	خبر ہے تجھے	کیا ہے سجّین

ہرگز نہیں، بیشک بدکاروں کا اعمال نامہ سجّین میں ہے۔ اور تجھے کیا خبر سجّین کیا ہے؟

كِتٰبٌ مَّرْقُوْمٌ ﴿۹﴾ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۱۰﴾ الَّذِيْنَ يُكَذِّبُوْنَ

كِتٰبٌ	مَّرْقُوْمٌ	وَيْلٌ	يَّوْمَئِذٍ	لِّلْمُكَذِّبِيْنَ	الَّذِيْنَ	يُكَذِّبُوْنَ
ایک دفتر	لکھا ہوا	خرابی	اس دن	جھٹلانے والوں کے لئے	جو لوگ	جھٹلاتے ہیں

ایک لکھا ہوا دفتر (نوشتہ) اس دن خرابی ہے جھٹلانے والوں کے لئے، جو لوگ جھٹلاتے ہیں

بِيَوْمِ الدِّيْنِ ﴿۱۱﴾ وَمَا يُكَذِّبُ بِهٖٓ اِلَّا كُلُّ مُعْتَدٍ اَثِيْمٍ ﴿۱۲﴾ اِذَا تُتْلٰى

بِيَوْمِ الدِّيْنِ	وَمَا يُكَذِّبُ	بِهٖٓ	اِلَّا	كُلُّ	مُعْتَدٍ	اَثِيْمٍ	اِذَا	تُتْلٰى
روزِ جزا و سزا کو	اور نہیں جھٹلاتا	اس کو	مگر	ہر	حد سے بڑھ جانیوالا	گنہگار	جب	پڑھی جائیں

روزِ جزا و سزا کو۔ اور اُسے نہیں جھٹلاتا مگر ہر حد سے بڑھ جانے والا گنہگار، جب پڑھی جاتی ہیں

عَلَيْهِ اٰيٰتُنَا قَالَ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۳﴾ كَلَّا بَلْ ۜ رَانَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ

عَلَيْهِ	اٰيٰتُنَا	قَالَ	اَسَاطِيْرُ	الْاَوَّلِيْنَ	كَلَّا	بَلْ	رَانَ	عَلٰى	قُلُوْبِهِمْ
اس پر	ہماری آیتیں	کہے	کہانیاں	پہلے	ہرگز نہیں	بلکہ	زنگ پکڑ گیا ہے	پر	اُن کے دل

اُس پر ہماری آیتیں تو کہے یہ پہلوں کی کہانیاں ہیں۔ ہرگز نہیں، بلکہ زنگ پکڑ گیا ہے ان کے دلوں پر

مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۱۴﴾ كَلَّآ اِنَّهُمْ عَنْ رَّبِّهِمْ يَوْمَئِذٍ لَّمَحْجُوْبُوْنَ ﴿۱۵﴾ ثُمَّ

مَا	كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ	كَلَّآ	اِنَّهُمْ	عَنْ	رَّبِّهِمْ	يَوْمَئِذٍ	لَّمَحْجُوْبُوْنَ	ثُمَّ
جو	وہ کماتے تھے	ہرگز نہیں	بیشک وہ	سے	اپنا رب	اس دن	روک دیئے جائیں گے	پھر

جو وہ کماتے تھے۔ ہرگز نہیں، وہ اس دن اپنے رب سے روک دیئے جائیں گے۔ پھر

إِنَّهُمْ لَصَالُوا الْجَحِيمِ ﴿١٦﴾ ثُمَّ يُقَالُ هَٰذَا الَّذِي كُنتُم بِهِ تُكَذِّبُونَ ﴿١٧﴾

إِنَّهُمْ	لَصَالُوا	الْجَحِيمِ	ثُمَّ	يُقَالُ	هَٰذَا	الَّذِي	كُنتُم	بِهِ	تُكَذِّبُونَ
بیشک وہ	داخل ہونیوالے	جہنم	پھر	کہا جائیگا	یہ	وہ جو کہ	تم تھے	اس کو	تم جھوٹ جانتے

بیشک وہ جہنم میں داخل ہونے والے ہیں۔ پھر کہا جائے گا یہ وہی ہے جس کو تم جھوٹ جانتے تھے۔

كَلَّا إِنَّ كِتَابَ الْأَبْرَارِ لَفِي عِلِّيِّينَ ﴿١٨﴾ وَمَا أَدْرَاكَ مَا عِلِّيُّونَ ﴿١٩﴾ كِتَابٌ

كَلَّا	إِنَّ	كِتَابَ	الْأَبْرَارِ	لَفِي	عِلِّيِّينَ	وَمَا	أَدْرَاكَ	مَا عِلِّيُّونَ	كِتَابٌ
ہرگز نہیں	بیشک	اعمالنامہ	نیک لوگ	البتہ ہیں	علیین	اور کیا	تجھے خبر	کیا علیین	ایک دفتر

ہرگز نہیں، بیشک نیک لوگوں کا اعمالنامہ "علیین" میں ہے۔ اور تجھے کیا خبر علیین کیا ہے؟ ایک دفتر ہے

مَّرْقُومٌ ﴿٢٠﴾ يَشْهَدُهُ الْمُقَرَّبُونَ ﴿٢١﴾ إِنَّ الْأَبْرَارَ لَفِي نَعِيمٍ ﴿٢٢﴾ عَلَى الْأَرَائِكِ يَنظُرُونَ ﴿٢٣﴾

مَّرْقُومٌ	يَشْهَدُهُ	الْمُقَرَّبُونَ	إِنَّ	الْأَبْرَارَ	لَفِي نَعِيمٍ	عَلَى	الْأَرَائِكِ	يَنظُرُونَ
لکھا ہوا	دیکھتے ہیں	نزدیک والے	بیشک	نیک بندے	البتہ نعمت آرام میں	پر	تخت (جمع)	دیکھتے ہوں گے

لکھا ہوا (اسے) دیکھتے ہیں (اللہ کے) مقرب (نزدیک والے)۔ بیشک نیک بندے آرام میں تختوں (مسندوں) پر دیکھتے ہوں گے،

تَعْرِفُ فِي وُجُوهِهِمْ نَضْرَةَ النَّعِيمِ ﴿٢٤﴾ يُسْقَوْنَ مِن رَّحِيقٍ مَّخْتُومٍ ﴿٢٥﴾

تَعْرِفُ	فِي	وُجُوهِهِمْ	نَضْرَةَ	النَّعِيمِ	يُسْقَوْنَ	مِن	رَّحِيقٍ	مَّخْتُومٍ
تو پہچان لیگا	میں	ان کے چہرے	تروتازگی	نعمت کی	انہیں پلائی جاتی ہے	سے	خالص شراب	سربمہر

تو ان کے چہروں پر نعمت کی تروتازگی پائے گا۔ انہیں پلائی جاتی ہے خالص شراب، سربمہر،

خِتَامُهُ مِسْكٌ وَفِي ذَٰلِكَ فَلْيَتَنَافَسِ الْمُتَنَافِسُونَ ﴿٢٦﴾ وَمِزَاجُهُ مِن

خِتَامُهُ	مِسْكٌ	وَفِي	ذَٰلِكَ	فَلْيَتَنَافَسِ	الْمُتَنَافِسُونَ	وَمِزَاجُهُ	مِن
اُس کی مہر	مشک	اور میں	اس	چاہیئے رغبت کریں	رغبت کرنے والے	اس کی آمیزش	سے

اس کی مہر مشک پر جمی ہوئی، اور چاہیئے کہ رغبت کرنے والے اس میں رغبت کریں۔ اور اس میں آمیزش ہے

تَسْنِيمٍ ﴿٢٧﴾ عَيْنًا يَشْرَبُ بِهَا الْمُقَرَّبُونَ ﴿٢٨﴾ إِنَّ الَّذِينَ أَجْرَمُوا

تَسْنِيمٍ	عَيْنًا	يَشْرَبُ	بِهَا	الْمُقَرَّبُونَ	إِنَّ	الَّذِينَ	أَجْرَمُوا
تسنیم	ایک چشمہ	پیتے ہیں	اس سے	مقرب	بیشک	وہ لوگ جو	جرم کیا انہوں نے

"تسنیم" کی، یہ ایک چشمہ ہے جس سے مقرب پیتے ہیں۔ بیشک جن لوگوں نے جرم کیا (گنہگار)

كَانُوْا مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يَضْحَكُوْنَ ﴿۲۹﴾ وَاِذَا مَرُّوْا بِهِمْ يَتَغَامَزُوْنَ ﴿۳۰﴾ وَاِذَا

كَانُوْا	مِنَ	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	يَضْحَكُوْنَ	وَاِذَا	مَرُّوْا	بِهِمْ	يَتَغَامَزُوْنَ	وَاِذَا
وہ تھے	سے (پر)	جو ایمان لائے (مومن)	ہنستے	اور جب	گزرتے	اُن سے	آنکھ مارتے	اور جب

وہ مومنوں پر ہنستے تھے، اور جب اُن سے ہو کر گزرتے تو آنکھ مارتے۔ اور جب

انْقَلَبُوْٓا اِلٰٓى اَهْلِهِمُ انْقَلَبُوْا فَكِهِيْنَ ﴿۳۱﴾ وَاِذَا رَاَوْهُمْ قَالُوْٓا اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ

انْقَلَبُوْا	اِلٰى	اَهْلِهِمُ	انْقَلَبُوْا	فَكِهِيْنَ	وَاِذَا	رَاَوْهُمْ	قَالُوْٓا	اِنَّ	هٰٓؤُلَآءِ
وہ لوٹتے	طرف	اپنے گھر والے	لوٹتے	ہنستے (باتیں بناتے)	اور جب	اُنہیں دیکھتے	کہتے	بیشک	یہ لوگ

وہ اپنے گھر والوں کی طرف لوٹتے تو ہنستے (باتیں بناتے) لوٹتے۔ اور جب اُنہیں دیکھتے تو کہتے بیشک یہ لوگ

لَضَآلُّوْنَ ﴿۳۲﴾ وَمَآ اُرْسِلُوْا عَلَيْهِمْ حٰفِظِيْنَ ﴿۳۳﴾ فَالْيَوْمَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنَ الْكُفَّارِ

لَضَآلُّوْنَ	وَمَآ اُرْسِلُوْا	عَلَيْهِمْ	حٰفِظِيْنَ	فَالْيَوْمَ	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	مِنَ	الْكُفَّارِ
گمراہ (جمع)	اور نہیں بھیجے گئے	ان پر	نگہبان	پس آج	ایمان والے	سے (پر)	کافر (جمع)

گمراہ ہیں، اور وہ اُن پر نگہبان بنا کر نہیں بھیجے گئے۔ پس آج ایمان والے کافروں پر ﴿۳۶﴾

يَضْحَكُوْنَ ﴿۳۴﴾ عَلَى الْاَرَآئِكِ يَنْظُرُوْنَ ﴿۳۵﴾ هَلْ ثُوِّبَ الْكُفَّارُ مَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ

يَضْحَكُوْنَ	عَلَى	الْاَرَآئِكِ	يَنْظُرُوْنَ	هَلْ	ثُوِّبَ	الْكُفَّارُ	مَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ
ہنستے ہیں	پر	تخت	دیکھتے ہیں	کیا	بدلہ دیا گیا	کافر (جمع)	جو وہ کرتے تھے

ہنستے ہیں تختوں (مسہریوں) پر بیٹھے دیکھتے ہیں۔ کافروں نے اب بدلہ پایا ہے جیسا کہ وہ کرتے تھے۔

۱ ع ۳۶ ۸

اٰيَاتُهَا ۲۵ — ۸۴ = سُوْرَةُ الْاِنْشِقَاقِ مَكِّيَّةٌ = ۸۳ — رُكُوْعُهَا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو بہت مہربان، رحم کرنے والا ہے

اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ ﴿۱﴾ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ﴿۲﴾ وَاِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ ﴿۳﴾

اِذَا	السَّمَآءُ	انْشَقَّتْ	وَاَذِنَتْ	لِرَبِّهَا	وَحُقَّتْ	وَاِذَا	الْاَرْضُ	مُدَّتْ
جب	آسمان	پھٹ جائے گا	اور سُن لے گا	اپنے رب کا	اور اسی لائق ہے	اور جب	زمین	پھیلا دی جائے گی

جب آسمان پھٹ جائے گا اور وہ اپنے رب کا (حکم) سُن لے گا اور وہ اسی لائق ہے، اور جب زمین پھیلا دی جائے گی،

وَاَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَتَخَلَّتْ ۝٤ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ۝٥ يٰٓاَيُّهَا الْاِنْسَانُ

وَاَلْقَتْ	مَا فِيْهَا	وَتَخَلَّتْ	وَاَذِنَتْ	لِرَبِّهَا	وَحُقَّتْ	يٰٓاَيُّهَا	الْاِنْسَانُ
اور نکال ڈالے گی	جو اس میں	اور خالی ہو جائے گی	اور سُن لے گا	اپنے رب کا	اور اسی لائق ہے	اے	انسان

اور جو کچھ اس میں ہے وہ اسے نکال ڈالے گی، اور خالی ہو جائے گی، اور اپنے رب کا (حکم) سُن لے گی اور اسی لائق ہے، اے انسان

اِنَّكَ كَادِحٌ اِلٰى رَبِّكَ كَدْحًا فَمُلٰقِيْهِ ۝٦ فَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ ۝٧

اِنَّكَ	كَادِحٌ	اِلٰى	رَبِّكَ	كَدْحًا	فَمُلٰقِيْهِ	فَاَمَّا	مَنْ	اُوْتِيَ	كِتٰبَهٗ	بِيَمِيْنِهٖ
بیشک تو	تکلیف اٹھانے والا	طرف	اپنا رب	خوب تکلیف	پھر اس کو ملنا ہے	پس	جو	دیا گیا	اسکا اعمالنامہ	اس کے دائیں ہاتھ میں

بیشک تو اپنے رب کی طرف (پہنچنے میں) خوب تکلیف اٹھانے والا ہے پھر اسکو ملنا ہے پس جس کو اس کا اعمالنامہ دائیں ہاتھ میں دیا گیا

فَسَوْفَ يُحَاسَبُ حِسَابًا يَّسِيْرًا ۝٨ وَّيَنْقَلِبُ اِلٰٓى اَهْلِهٖ مَسْرُوْرًا ۝٩ وَاَمَّا

فَسَوْفَ	يُحَاسَبُ	حِسَابًا	يَّسِيْرًا	وَّيَنْقَلِبُ	اِلٰٓى	اَهْلِهٖ	مَسْرُوْرًا	وَاَمَّا
پس عنقریب	حساب لیا جائے گا	حساب	آسان	اور لوٹے گا	طرف	اپنے اہل	خوش خوش	اور وہ

پس اس سے عنقریب آسان حساب لیا جائے گا، اور وہ اپنے اہل کی طرف خوش خوش لوٹے گا - اور

مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ وَرَآءَ ظَهْرِهٖ ۝١٠ فَسَوْفَ يَدْعُوْا ثُبُوْرًا ۝١١ وَّيَصْلٰى سَعِيْرًا ۝١٢

مَنْ	اُوْتِيَ	كِتٰبَهٗ	وَرَآءَ	ظَهْرِهٖ	فَسَوْفَ	يَدْعُوْا	ثُبُوْرًا	وَيَصْلٰى	سَعِيْرًا
جو	دیا گیا	اس کا اعمالنامہ	پیچھے	اس کی پشت	پس عنقریب	مانگے گا	موت	اور داخل ہوگا	آگ

جس کو اس کا اعمالنامہ اس کی پیٹھ پیچھے سے دیا گیا، وہ عنقریب موت مانگے گا، اور جہنم میں داخل ہوگا -

اِنَّهٗ كَانَ فِيْٓ اَهْلِهٖ مَسْرُوْرًا ۝١٣ اِنَّهٗ ظَنَّ اَنْ لَّنْ يَّحُوْرَ ۝١٤ بَلٰٓى ۚ اِنَّ رَبَّهٗ

اِنَّهٗ	كَانَ	فِيْٓ	اَهْلِهٖ	مَسْرُوْرًا	اِنَّهٗ	ظَنَّ	اَنْ	لَّنْ يَّحُوْرَ	بَلٰى	اِنَّ رَبَّهٗ
بیشک وہ	تھا	میں	اپنے اہل	خوش و خرم	بیشک اس	گمان کیا	کہ	ہرگز نہ لوٹے گا	کیوں نہیں	بیشک اس کا رب

بیشک وہ اپنے اہل میں خوش و خرم تھا - اس نے گمان کیا تھا کہ وہ ہرگز نہ لوٹے گا - کیوں نہیں؟ اس کا رب بیشک

كَانَ بِهٖ بَصِيْرًا ۝١٥ فَلَآ اُقْسِمُ بِالشَّفَقِ ۝١٦ وَالَّيْلِ وَمَا وَسَقَ ۝١٧ وَالْقَمَرِ اِذَا

كَانَ	بِهٖ	بَصِيْرًا	فَلَآ اُقْسِمُ	بِالشَّفَقِ	وَالَّيْلِ	وَمَا	وَسَقَ	وَالْقَمَرِ	اِذَا
تھا	اس کو	دیکھنے والا	سو میں قسم کھاتا ہوں	شام کی سُرخی	اور رات	اور جو	سمٹ آتی ہے	اور چاند	جب

اسے دیکھتا تھا - سو میں قسم کھاتا ہوں شام کی سُرخی کی اور رات کی اور جو (اس میں) سمٹ آتی ہے اور چاند کی جب

اتَّسَقَ ﴿۱۸﴾ لَتَرْكَبُنَّ طَبَقًا عَنْ طَبَقٍ ﴿۱۹﴾ فَمَا لَهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ﴿۲۰﴾

اتَّسَقَ	لَتَرْكَبُنَّ	طَبَقًا	عَنْ	طَبَقٍ	فَمَا	لَهُمْ	لَا يُؤْمِنُونَ
وہ مکمل ہو جائے	تم کو ضرور چڑھنا ہے	ایک درجہ	سے	درجہ	سو کیا	انہیں	وہ ایمان نہیں لاتے

وہ مکمل ہو جائے، تم کو درجہ بدرجہ ضرور چڑھنا ہے۔ سو انہیں کیا ہو گیا ہے کہ وہ ایمان نہیں لاتے ؟

وَإِذَا قُرِئَ عَلَيْهِمُ الْقُرْآنُ لَا يَسْجُدُونَ ﴿۲۱﴾ سجدة بَلِ الَّذِينَ كَفَرُوا

وَإِذَا	قُرِئَ	عَلَيْهِمُ	الْقُرْآنُ	لَا يَسْجُدُونَ	بَلِ	الَّذِينَ كَفَرُوا
اور جب	پڑھا جاتا ہے	ان پر	قرآن	وہ سجدہ نہیں کرتے	بلکہ	جن لوگوں نے کفر کیا (مُنکر)

اور جب اُن پر قرآن پڑھا جاتا ہے تو وہ سجدہ نہیں کرتے، بلکہ جن لوگوں نے کفر کیا (مُنکر)

يُكَذِّبُونَ ﴿۲۲﴾ وَاللَّهُ أَعْلَمُ بِمَا يُوعُونَ ﴿۲۳﴾ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ أَلِيمٍ ﴿۲۴﴾

يُكَذِّبُونَ	وَاللَّهُ	أَعْلَمُ	بِمَا	يُوعُونَ	فَبَشِّرْهُمْ	بِعَذَابٍ	أَلِيمٍ
وہ جھٹلاتے ہیں	اور اللہ	خوب جانتا ہے	جو	بھر رکھتے ہیں	سو انہیں خوشخبری سُنا	عذاب کی	دردناک

وہ جھٹلاتے ہیں، اور اللہ خوب جانتا ہے جو وہ (دلوں میں) بھر رکھتے ہیں، سو انہیں دردناک عذاب کی خوشخبری سُنا

إِلَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَهُمْ أَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُونٍ ﴿۲۵﴾ ع

إِلَّا	الَّذِينَ آمَنُوا	وَعَمِلُوا	الصَّالِحَاتِ	لَهُمْ	أَجْرٌ	غَيْرُ مَمْنُونٍ
سوائے	جو لوگ ایمان لائے	اور انہوں نے کام کئے	اچھے	انکیلئے	اجر	نہ ختم ہونے والا

سوائے اُن لوگوں کے جو ایمان لائے اور انہوں نے اچھے کام کئے ان کے لئے ختم نہ ہونے والا اجر ہے۔

آیاتُها ۲۲ | ۸۵ = سُورَةُ الْبُرُوجِ مَكِّيَّةٌ = ۲۷ | رُكُوعُها ۱

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے جو بہت مہربان، رحم کرنے والا ہے

وَالسَّمَاءِ ذَاتِ الْبُرُوجِ ﴿۱﴾ وَالْيَوْمِ الْمَوْعُودِ ﴿۲﴾ وَشَاهِدٍ وَمَشْهُودٍ ﴿۳﴾

وَالسَّمَاءِ	ذَاتِ الْبُرُوجِ	وَالْيَوْمِ	الْمَوْعُودِ	وَشَاهِدٍ	وَمَشْهُودٍ
قسم آسمان کی	بُرجوں والا	اور دن کی	وعدہ کئے ہوئے	اور حاضر ہونیوالا	اور جہاں حاضر ہوتے ہیں

بُرجوں والے آسمان کی قسم، اور وعدہ کئے ہوئے دن کی، اور حاضر ہونے والے (دن) کی، اور جہاں حاضر ہوتے ہیں،

قُتِلَ اَصْحٰبُ الْاُخْدُوْدِ ۙ﴿۴﴾ النَّارِ ذَاتِ الْوَقُوْدِ ۙ﴿۵﴾ اِذْ هُمْ عَلَيْهَا قُعُوْدٌ ۙ﴿۶﴾

قُتِلَ	اَصْحٰبُ	الْاُخْدُوْدِ	النَّارِ	ذَاتِ	الْوَقُوْدِ	اِذْ هُمْ	عَلَيْهَا	قُعُوْدٌ
ہلاک کردیئے گئے	والے	خندق (جمع)	آگ	والی	ایندھن	جب وہ	اس پر	بیٹھے تھے

ہلاک کر دیئے گئے خندقوں والے، ایندھن والی آگ والے، جب وہ اس پر بیٹھے تھے،

وَّهُمْ عَلٰى مَا يَفْعَلُوْنَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ شُهُوْدٌ ؕ﴿۷﴾ وَمَا نَقَمُوْا مِنْهُمْ اِلَّآ اَنْ

وَهُمْ	عَلٰى	مَا	يَفْعَلُوْنَ	بِالْمُؤْمِنِيْنَ	شُهُوْدٌ	وَمَا نَقَمُوْا	مِنْهُمْ	اِلَّآ	اَنْ
اور وہ	پر	جو	وہ کرتے تھے	مومنوں کے ساتھ	دیکھتے	اور انہیں بدلہ لیا	ان سے	مگر	کہ

اور وہ جو مومنوں کے ساتھ کرتے (اپنی آنکھوں سے) دیکھتے۔ اور انہوں نے (مومنوں سے) بدلہ نہیں لیا مگر اس بات کا

يُّؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ ۙ﴿۸﴾ الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ

يُؤْمِنُوْا	بِاللّٰهِ	الْعَزِيْزِ	الْحَمِيْدِ	الَّذِيْ	لَهٗ	مُلْكُ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ
وہ ایمان لائے	اللہ پر	غالب	تعریفوں والا	وہ جو کہ	اسکے لئے	بادشاہت	آسمان (جمع)	اور زمین

کہ اللہ پر ایمان لائے جو غالب ہے تعریفوں والا، جس کی بادشاہت ہے آسمانوں اور زمین میں،

وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ؕ﴿۹﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ فَتَنُوا الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ

وَاللّٰهُ	عَلٰى	كُلِّ	شَيْءٍ	شَهِيْدٌ	اِنَّ	الَّذِيْنَ	فَتَنُوْا	الْمُؤْمِنِيْنَ	وَالْمُؤْمِنٰتِ
اور اللہ	پر	ہر	چیز	سامنے (باخبر)	بیشک	وہ جو	تکلیفیں دیں	مومن (جمع) مرد	مومن عورتیں

اور اللہ ہر چیز پر باخبر ہے۔ بیشک جن لوگوں نے مومن مردوں اور مومن عورتوں کو تکلیفیں دیں

ثُمَّ لَمْ يَتُوْبُوْا فَلَهُمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ وَلَهُمْ عَذَابُ الْحَرِيْقِ ؕ﴿۱۰﴾ اِنَّ

ثُمَّ	لَمْ يَتُوْبُوْا	فَلَهُمْ	عَذَابُ	جَهَنَّمَ	وَلَهُمْ	عَذَابُ	الْحَرِيْقِ	اِنَّ
پھر	انہوں نے توبہ نہ کی	تو ان کیلئے	عذاب	جہنم	اور ان کے لئے	عذاب	جلنا	بیشک

پھر انہوں نے توبہ نہ کی تو ان کے لئے جہنم کا عذاب ہے اور ان کے لئے جلنے کا عذاب ہے۔ بیشک

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوْا	الصّٰلِحٰتِ	لَهُمْ	جَنّٰتٌ	تَجْرِيْ	مِنْ	تَحْتِهَا
جو لوگ ایمان لائے	اور انہوں نے عمل کئے	اچھے	ان کے لئے	باغات	جاری ہیں	سے	ان کے نیچے

جو لوگ ایمان لائے، اور انہوں نے اچھے عمل کئے، ان کے لئے باغات ہیں، جن کے نیچے جاری ہیں

الْاَنْهٰرُ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْكَبِيْرُ ﴿۱۱﴾ اِنَّ بَطْشَ رَبِّكَ لَشَدِيْدٌ ﴿۱۲﴾ اِنَّهٗ

الْاَنْهٰرُ	ذٰلِكَ	الْفَوْزُ	الْكَبِيْرُ	اِنَّ	بَطْشَ	رَبِّكَ	لَشَدِيْدٌ	اِنَّهٗ
نہریں	یہ	کامیابی	بڑی	بیشک	پکڑ	تمہارا رب	بڑی سخت	بیشک وہ

نہریں، یہ بڑی کامیابی ہے۔ بیشک تمہارے رب کی پکڑ بڑی سخت ہے ، بیشک

هُوَ يُبْدِئُ وَيُعِيْدُ ﴿۱۳﴾ وَهُوَ الْغَفُوْرُ الْوَدُوْدُ ﴿۱۴﴾ ذُو الْعَرْشِ الْمَجِيْدُ ﴿۱۵﴾

هُوَ	يُبْدِئُ	وَيُعِيْدُ	وَهُوَ	الْغَفُوْرُ	الْوَدُوْدُ	ذُو الْعَرْشِ	الْمَجِيْدُ
وہی	پہلی بار پیدا کرتا ہے	اور لوٹاتا ہے	اور وہ	بخشنے والا	محبت والا	عرش والا (مالک)	بڑی بزرگی والا

وہی پہلی بار پیدا کرتا ہے اور (وہی) لوٹاتا ہے اور وہی بخشنے والا، محبت کرنیوالا ہے، عرش کا مالک بڑی بزرگی والا ہے ،

فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ ﴿۱۶﴾ هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ الْجُنُوْدِ ﴿۱۷﴾ فِرْعَوْنَ وَثَمُوْدَ ﴿۱۸﴾

فَعَّالٌ	لِّمَا	يُرِيْدُ	هَلْ	اَتٰىكَ	حَدِيْثُ	الْجُنُوْدِ	فِرْعَوْنَ	وَثَمُوْدَ
کر ڈالنے والا	جو	وہ چاہے	کیا	تجھ تک آئی (پہنچی)	بات	لشکر (جمع)	فرعون	اور ثمود

جو وہ چاہے کر ڈالنے والا ہے۔ کیا تمہارے پاس لشکروں کی بات (خبر) پہنچی، فرعون اور ثمود کی

بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ تَكْذِيْبٍ ﴿۱۹﴾ وَّاللّٰهُ مِنْ وَّرَآئِهِمْ مُّحِيْطٌ ﴿۲۰﴾

بَلِ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	فِيْ	تَكْذِيْبٍ	وَاللّٰهُ	مِنْ	وَّرَآئِهِمْ	مُّحِيْطٌ
بلکہ	وہ جو کہ	انہوں نے کفر کیا	میں	جھٹلانا	اور اللہ	سے	ان کے ہر طرف	گھیرے ہوئے

بلکہ جن لوگوں نے کفر کیا (کافر) جھٹلانے میں (لگے ہوئے ہیں) اور اللہ انہیں ہر طرف سے گھیرے ہوئے ہے

بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ ﴿۲۱﴾ فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ﴿۲۲﴾

بَلْ	هُوَ	قُرْاٰنٌ	مَّجِيْدٌ	فِيْ	لَوْحٍ	مَّحْفُوْظٍ
بلکہ	وہ	قرآن	بڑی بزرگی والا	میں	لوح	محفوظ

بلکہ یہ قرآن بڑی بزرگی والا ہے، لوح محفوظ میں (لکھا ہوا) ہے۔

اٰيَاتُهَا ۱۷ | ۸۶ = سُوْرَةُ الطَّارِقِ مَكِّيَّةٌ = ۳۶ | رُكُوْعُهَا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو بہت مہربان، رحم کرنے والا ہے

وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ ۙ﴿۱﴾ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الطَّارِقُ ۙ﴿۲﴾ النَّجْمُ الثَّاقِبُ ۙ﴿۳﴾

وَالسَّمَآءِ	وَالطَّارِقِ	وَمَآ اَدْرٰىكَ	مَا الطَّارِقُ	النَّجْمُ	الثَّاقِبُ
قسم آسمان کی	اور رات کو آنے والے کی	اور تم نے کیا سمجھا	کیا ہے طارق ؟	ستارا	چمکتا ہوا

قسم ہے آسمان کی، اور "طارق" (رات کو آنے والے کی) اور تم نے کیا سمجھا "طارق" کیا ہے ؟ چمکتا ہوا ستارا۔

اِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ ؕ﴿۴﴾ فَلْيَنْظُرِ الْاِنْسَانُ مِمَّ خُلِقَ ؕ﴿۵﴾

اِنْ	كُلُّ	نَفْسٍ	لَّمَّا	عَلَيْهَا	حَافِظٌ	فَلْيَنْظُرِ	الْاِنْسَانُ	مِمَّ	خُلِقَ
نہیں	کوئی	جان	مگر	اس پر	نگہبان	چاہیئے کہ دیکھے	انسان	کس چیز سے	پیدا کیا گیا

کوئی جان نہیں جس پر (کوئی) نگہبان نہ ہو۔ اور انسان کو چاہیئے کہ دیکھے وہ کس چیز سے پیدا کیا گیا ؟

خُلِقَ مِنْ مَّآءٍ دَافِقٍ ۙ﴿۶﴾ يَّخْرُجُ مِنْ بَيْنِ الصُّلْبِ وَالتَّرَآئِبِ ؕ﴿۷﴾ اِنَّهٗ

خُلِقَ	مِنْ	مَّآءٍ	دَافِقٍ	يَّخْرُجُ	مِنْ	بَيْنِ	الصُّلْبِ	وَالتَّرَآئِبِ	اِنَّهٗ
وہ پیدا کیا گیا	سے	پانی	اچھلتا ہوا	نکلتا ہے	سے	درمیان	پیٹھ	اور سینہ	بیشک وہ

وہ پیدا کیا گیا اچھلتے ہوئے پانی سے، وہ نکلتا ہے پیٹھ اور سینے کے درمیان سے۔ بیشک وہ (اللہ)

عَلٰى رَجْعِهٖ لَقَادِرٌ ؕ﴿۸﴾ يَوْمَ تُبْلَى السَّرَآئِرُ ۙ﴿۹﴾ فَمَا لَهٗ مِنْ قُوَّةٍ وَّلَا نَاصِرٍ ؕ﴿۱۰﴾

عَلٰى	رَجْعِهٖ	لَقَادِرٌ	يَوْمَ	تُبْلَى	السَّرَآئِرُ	فَمَا	لَهٗ	مِنْ	قُوَّةٍ	وَّلَا	نَاصِرٍ
پر	اسکو دوبارہ لوٹانا	قادر	دن	جانچے جائینگے	راز	تو نہ	اسکے لئے	سے	قوت	اور نہ	مددگار

اسکو دوبارہ لوٹانے پر قادر ہے جس دن (لوگوں کے) راز جانچے جائیں گے، تو نہ اسے (انسان) کو کوئی قوت ہوگی اور نہ مددگار۔

وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الرَّجْعِ ۙ﴿۱۱﴾ وَالْاَرْضِ ذَاتِ الصَّدْعِ ۙ﴿۱۲﴾ اِنَّهٗ لَقَوْلٌ فَصْلٌ ۙ﴿۱۳﴾

وَالسَّمَآءِ	ذَاتِ الرَّجْعِ	وَالْاَرْضِ	ذَاتِ الصَّدْعِ	اِنَّهٗ	لَقَوْلٌ	فَصْلٌ
قسم آسمان کی	بارش والا	اور زمین کی	پھٹ جانے والی	بیشک وہ	کلام	فیصلہ کر دینے والا

قسم آسمان کی بارش والا، اور زمین کی پھٹ جانے والی بیشک وہ کلام ہے فیصلہ کر دینے والا،

وَّمَا هُوَ بِالْهَزْلِ ؕ﴿۱۴﴾ اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ۙ﴿۱۵﴾ وَّاَكِيْدُ كَيْدًا ۙ﴿۱۶﴾ فَمَهِّلِ

وَمَا	هُوَ	بِالْهَزْلِ	اِنَّهُمْ	يَكِيْدُوْنَ	كَيْدًا	وَّاَكِيْدُ	كَيْدًا	فَمَهِّلِ
اور نہیں	وہ	بیہودہ بات	بیشک وہ	تدبیر کرتے ہیں	تدبیر	اور میں تدبیر کرتا ہوں	ایک تدبیر	پس ڈھیل دو

اور وہ بیہودہ بات نہیں۔ بیشک وہ (طرح طرح کی) تدبیریں کرتے ہیں، اور میں (بھی) ایک تدبیر کرتا ہوں۔ پس ڈھیل دو

الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ﴿۱۷﴾ ع ۱ ۱۱ ۱۷

الْكٰفِرِيْنَ	اَمْهِلْهُمْ	رُوَيْدًا	
کافر (جمع)	ڈھیل دو انہیں	تھوڑی	

کافروں کو تھوڑی ڈھیل ۔

اٰیاتُھا ۱۹ | ۸۷ = سُوْرَةُ الْاَعْلٰی مَكِّيَّةٌ : ۸ | رُكُوْعُھا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اور اللہ کے نام سے جو بہت مہربان رحم کرنے والا ہے

سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلَى ﴿۱﴾ الَّذِيْ خَلَقَ فَسَوّٰى ﴿۲﴾ وَالَّذِيْ قَدَّرَ

سَبِّحِ	اسْمَ	رَبِّكَ	الْاَعْلَى	الَّذِيْ	خَلَقَ	فَسَوّٰى	وَالَّذِيْ	قَدَّرَ
پاکیزگی بیان کر	نام	اپنا رب	سب سے بلند	جس نے	پیدا کیا	پھر ٹھیک کیا	اور جس نے	اندازہ ٹھہرایا

پاکیزگی بیان کر اپنے سب سے بلند رب کے نام کی، جس نے پیدا کیا پھر ٹھیک کیا ، اور جس نے اندازہ ٹھہرایا

فَهَدٰى ﴿۳﴾ وَالَّذِيْ اَخْرَجَ الْمَرْعٰى ﴿۴﴾ فَجَعَلَهٗ غُثَآءً اَحْوٰى ﴿۵﴾

فَهَدٰى	وَالَّذِيْ	اَخْرَجَ	الْمَرْعٰى	فَجَعَلَهٗ	غُثَآءً	اَحْوٰى
پھر راہ دکھائی	اور جس نے	نکالا (اگایا)	چارا	پھر اسے کر دیا	خشک	سیاہ

پھر راہ دکھائی ، اور جس نے چارا اُگایا ، پھر اسے خشک سیاہ کر دیا۔

سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنْسٰٓى ﴿۶﴾ اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ۭ اِنَّهٗ يَعْلَمُ الْجَهْرَ وَمَا يَخْفٰى ﴿۷﴾

سَنُقْرِئُكَ	فَلَا تَنْسٰى	اِلَّا	مَا	شَآءَ اللّٰهُ	اِنَّهٗ	يَعْلَمُ	الْجَهْرَ	وَمَا	يَخْفٰى
ہم جلد پڑھائیں گے آپ کو	پھر نہ بھولیں گے آپ	مگر	جو	اللہ چاہے	بیشک وہ	جانتا ہے	ظاہر	اور جو	پوشیدہ

ہم جلد آپ کو پڑھائیں گے، پھر آپ نہ بھولیں گے، مگر جو اللہ چاہے، بیشک وہ جانتا ہے ظاہر بھی اور پوشیدہ بھی۔

وَنُيَسِّرُكَ لِلْيُسْرٰى ﴿۸﴾ فَذَكِّرْ اِنْ نَّفَعَتِ الذِّكْرٰى ﴿۹﴾ سَيَذَّكَّرُ مَنْ يَّخْشٰى ﴿۱۰﴾

وَنُيَسِّرُكَ	لِلْيُسْرٰى	فَذَكِّرْ	اِنْ	نَّفَعَتِ	الذِّكْرٰى	سَيَذَّكَّرُ	مَنْ	يَّخْشٰى
اور ہم آپ کو سہولت دینگے	آسان طریقہ	پس سمجھا دیں	اگر	نفع دے	سمجھانا	جلد سمجھ جائے گا	جو	ڈرتا ہے

اور ہم آپ کو آسان طریقہ کی سہولت دیں گے، پس آپ سمجھا دیں اگر سمجھانا نفع دے، جو ڈرتا ہے وہ جلد سمجھ جائے گا،

وَيَتَجَنَّبُهَا الْاَشْقَى ﴿۱۱﴾ الَّذِيْ يَصْلَى النَّارَ الْكُبْرٰى ﴿۱۲﴾ ثُمَّ لَا يَمُوْتُ

وَيَتَجَنَّبُهَا	الْاَشْقَى	الَّذِيْ	يَصْلَى	النَّارَ	الْكُبْرٰى	ثُمَّ	لَا يَمُوْتُ
اور پہلو تہی کرے گا اس سے	بدبخت	جو	داخل ہوگا	آگ	بہت بڑی	پھر	نہ مرے گا وہ

اور اس سے بدبخت پہلو تہی کرے گا ، جو بہت بڑی آگ میں داخل ہوگا - پھر نہ مرے گا وہ

فِيْهَا وَلَا يَحْيٰى ﴿۱۳﴾ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰى ﴿۱۴﴾ وَذَكَرَ اسْمَ رَبِّهٖ فَصَلّٰى ﴿۱۵﴾

فِيْهَا	وَلَا يَحْيٰى	قَدْ اَفْلَحَ	مَنْ	تَزَكّٰى	وَذَكَرَ	اسْمَ	رَبِّهٖ	فَصَلّٰى
اس میں	اور نہ جیئے گا	یقیناً اس نے فلاح پائی	جو	پاک ہوا	اور یاد کیا	نام	اپنا رب	پھر نماز پڑھی

اس میں اور نہ جیئے گا - یقیناً اس نے فلاح پائی جو پاک ہوا اور اس نے اپنے رب کا نام یاد کیا ، پھر نماز پڑھی -

بَلْ تُؤْثِرُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ﴿۱۶﴾ وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ﴿۱۷﴾ اِنَّ هٰذَا

بَلْ	تُؤْثِرُوْنَ	الْحَيٰوةَ	الدُّنْيَا	وَالْاٰخِرَةُ	خَيْرٌ	وَاَبْقٰى	اِنَّ	هٰذَا
بلکہ	بڑھاتے ہو (ترجیح)	زندگی	دنیا	اور آخرت	بہتر	اور باقی رہنے والی	بیشک	وہ (یہ)

بلکہ تم دنیا کی زندگی کو ترجیح دیتے ہو - اور (جبکہ) آخرت بہتر اور باقی رہنے والی ہے - بیشک یہ

ع ۱ ۱۹ ۱۲

لَفِي الصُّحُفِ الْاُوْلٰى ﴿۱۸﴾ صُحُفِ اِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى ﴿۱۹﴾

لَفِي	الصُّحُفِ الْاُوْلٰى	صُحُفِ	اِبْرٰهِيْمَ	وَمُوْسٰى
میں	پہلے صحیفے	صحیفے	ابراہیمؑ	اور موسیٰؑ

پہلے صحیفوں میں ، ابراہیمؑ اور موسیٰؑ کے صحیفوں میں (لکھی ہوئی) ہے -

اٰیاتُھا ۲۶ | ۸۸ = سُوْرَةُ الْغَاشِيَةِ مَكِّيَّةٌ = ۶۸ | رُكُوْعُھا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اور اللہ کے نام سے ، جو بہت مہربان ، رحم کرنے والا ہے

هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ الْغَاشِيَةِ ﴿۱﴾ وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ خَاشِعَةٌ ﴿۲﴾ عَامِلَةٌ نَّاصِبَةٌ ﴿۳﴾

هَلْ اَتٰىكَ	حَدِيْثُ	الْغَاشِيَةِ	وُجُوْهٌ	يَّوْمَئِذٍ	خَاشِعَةٌ	عَامِلَةٌ	نَّاصِبَةٌ
کیا تمہارے پاس آئی	بات	ڈھانپنے والی	کتنے منہ	اُس دن	ذلیل و عاجز	عمل کرنے والے	مشقت اٹھانیوالے

کیا تمہارے پاس ڈھانپنے والی (قیامت) کی بات پہنچی ، کتنے ہی مُنہ اُس دن ذلیل و عاجز ہوں گے ، عمل کرنیوالے ، مشقت اٹھانے والے

تَصْلٰى نَارًا حَامِيَةً ﴿۴﴾ تُسْقٰى مِنْ عَيْنٍ اٰنِيَةٍ ﴿۵﴾ لَيْسَ لَهُمْ طَعَامٌ

تَصْلٰى	نَارًا	حَامِيَةً	تُسْقٰى	مِنْ	عَيْنٍ	اٰنِيَةٍ	لَيْسَ	لَهُمْ	طَعَامٌ
داخل ہوں گے	آگ	دہکتی ہوئی	پلائے جائیں گے	سے	چشمہ	کھولتا ہوا	نہیں	ان کے لئے	کھانا

دہکتی ہوئی آگ میں داخل ہوں گے، ایک کھولتے ہوئے چشمے سے (پانی) پلائے جائیں گے، نہ ان کے لئے کھانا ہوگا

اِلَّا مِنْ ضَرِيْعٍ ﴿۶﴾ لَّا يُسْمِنُ وَلَا يُغْنِيْ مِنْ جُوْعٍ ﴿۷﴾ وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ

اِلَّا	مِنْ	ضَرِيْعٍ	لَا يُسْمِنُ	وَلَا يُغْنِيْ	مِنْ	جُوْعٍ	وُجُوْهٌ	يَّوْمَئِذٍ
مگر	سے	خاردار گھاس	نہ موٹا کرے گی	اور نہ بے نیاز کرے گی	سے	بھوک	کتنے منہ	اس دن

مگر خاردار گھاس سے، جو نہ موٹا کرے گی، نہ بھوک سے بے نیاز کرے گی۔ کتنے ہی منہ اُس دن

نَّاعِمَةٌ ﴿۸﴾ لِّسَعْيِهَا رَاضِيَةٌ ﴿۹﴾ فِيْ جَنَّةٍ عَالِيَةٍ ﴿۱۰﴾ لَّا تَسْمَعُ فِيْهَا

نَّاعِمَةٌ	لِّسَعْيِهَا	رَاضِيَةٌ	فِيْ	جَنَّةٍ	عَالِيَةٍ	لَا تَسْمَعُ	فِيْهَا
تروتازہ	اپنی کوشش سے	خوش خوش	میں	باغ	بلند	وہ نہ سنیں گے	اس میں

تروتازہ ہوں گے اپنی کوشش (کمائی) سے خوش خوش، بلند باغ میں، اس میں وہ نہ سنیں گے

لَاغِيَةً ﴿۱۱﴾ فِيْهَا عَيْنٌ جَارِيَةٌ ﴿۱۲﴾ فِيْهَا سُرُرٌ مَّرْفُوْعَةٌ ﴿۱۳﴾ وَّاَكْوَابٌ

لَاغِيَةً	فِيْهَا	عَيْنٌ	جَارِيَةٌ	فِيْهَا	سُرُرٌ	مَّرْفُوْعَةٌ	وَّاَكْوَابٌ
بیہودہ بکواس	اس میں	چشمہ	بہتا ہوا	اس میں	تخت	اونچے اونچے	اور آبخورے

بیہودہ بکواس، اس میں ایک بہتا ہوا چشمہ ہے۔ اس میں اونچے اونچے تخت ہیں، اور آبخورے

مَّوْضُوْعَةٌ ﴿۱۴﴾ وَّنَمَارِقُ مَصْفُوْفَةٌ ﴿۱۵﴾ وَّزَرَابِيُّ مَبْثُوْثَةٌ ﴿۱۶﴾ اَفَلَا يَنْظُرُوْنَ

مَّوْضُوْعَةٌ	وَّنَمَارِقُ	مَصْفُوْفَةٌ	وَّزَرَابِيُّ	مَبْثُوْثَةٌ	اَفَلَا يَنْظُرُوْنَ
چنے ہوئے	اور غالیچے	برابر بچھے ہوئے	اور گدّے	بکھرے ہوئے	کیا وہ نہیں دیکھتے؟

چنے ہوئے، اور غالیچے برابر بچھے ہوئے، اور گدّے بکھرے ہوئے (بچھے ہوئے) ۔ کیا وہ نہیں دیکھتے؟

اِلَى الْاِبِلِ كَيْفَ خُلِقَتْ ﴿۱۷﴾ وقفۃ وَاِلَى السَّمَآءِ كَيْفَ رُفِعَتْ ﴿۱۸﴾ وقفۃ وَاِلَى الْجِبَالِ

اِلَى	الْاِبِلِ	كَيْفَ	خُلِقَتْ	وَ	اِلَى	السَّمَآءِ	كَيْفَ	رُفِعَتْ	وَاِلَى	الْجِبَالِ
طرف	اونٹ	کیسے	وہ پیدا کیا گیا	اور	طرف	آسمان	کیسے	بلند کیا گیا	اور طرف	پہاڑ (جمع)

اونٹ کی طرف کہ وہ کیسے پیدا کیا گیا اور (نہیں دیکھتے) آسمان کی طرف کیسے بلند کیا گیا؟ اور پہاڑ کی طرف (نہیں دیکھتے)

كَيْفَ نُصِبَتْ ﴿١٩﴾ وَإِلَى الْأَرْضِ كَيْفَ سُطِحَتْ ﴿٢٠﴾ فَذَكِّرْ ۖ إِنَّمَا أَنْتَ مُذَكِّرٌ ﴿٢١﴾

كَيْفَ	نُصِبَتْ	وَ	إِلَى	الْأَرْضِ	كَيْفَ	سُطِحَتْ	فَذَكِّرْ	إِنَّمَا	أَنْتَ	مُذَكِّرٌ
کیسے	نصب کئے گئے	اور	طرف	زمین	کیسے	بچھائی گئی	پس سمجھاتے رہیں	صرف	آپ	سمجھانے والے

کیسے نصب کئے گئے؟ اور زمین کی طرف (نہیں دیکھتے) کیسے بچھائی گئی؟ پس آپ سمجھاتے رہیں آپ صرف سمجھانے والے ہیں۔

لَسْتَ عَلَيْهِمْ بِمُصَيْطِرٍ ﴿٢٢﴾ إِلَّا مَنْ تَوَلَّىٰ وَكَفَرَ ﴿٢٣﴾ فَيُعَذِّبُهُ اللَّهُ

لَسْتَ	عَلَيْهِمْ	بِمُصَيْطِرٍ	إِلَّا	مَنْ	تَوَلَّىٰ	وَكَفَرَ	فَيُعَذِّبُهُ	اللَّهُ
نہیں آپ	ان پر	داروغہ	مگر	جو۔جس	مُنہ موڑا	اور کفر کیا	پھر اسے عذاب دے گا	اللہ

آپ اُن پر داروغہ نہیں، مگر جس نے مُنہ موڑا اور کفر کیا (مُنکر ہو گیا) پھر اللہ اسے عذاب دے گا

الْعَذَابَ الْأَكْبَرَ ﴿٢٤﴾ إِنَّ إِلَيْنَا إِيَابَهُمْ ﴿٢٥﴾ ثُمَّ إِنَّ عَلَيْنَا حِسَابَهُمْ ﴿٢٦﴾

ع ۱ ۲۶ ۱۳

الْعَذَابَ	الْأَكْبَرَ	إِنَّ	إِلَيْنَا	إِيَابَهُمْ	ثُمَّ	إِنَّ	عَلَيْنَا	حِسَابَهُمْ
عذاب	بہت بڑا	بیشک	ہماری طرف	ان کا لوٹنا	پھر	بیشک	ہم پر	ان کا حساب

بہت بڑا عذاب۔ بیشک انہیں ہماری طرف لوٹنا ہے، پھر بیشک ہم پر ہے (ہمارا کام ہے) اُن کا حساب لینا۔

آیاتُہا ۳۰ | ۸۹ = سُوْرَةُ الْفَجْرِ مَكِّيَّةٌ = ۱۰ | رُكُوعُہا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو بہت مہربان، رحم کرنے والا ہے

وَالْفَجْرِ ﴿١﴾ وَلَيَالٍ عَشْرٍ ﴿٢﴾ وَالشَّفْعِ وَالْوَتْرِ ﴿٣﴾ وَاللَّيْلِ إِذَا يَسْرِ ﴿٤﴾ هَلْ

وَالْفَجْرِ	وَلَيَالٍ	عَشْرٍ	وَالشَّفْعِ	وَالْوَتْرِ	وَاللَّيْلِ	إِذَا	يَسْرِ	هَلْ
قسم فجر کی	اور راتوں کی	دس	اور جفت کی	اور طاق کی	اور رات کی	جب	چلے	کیا

قسم فجر کی، اور دس راتوں کی، اور جفت اور طاق کی، اور رات کی جب وہ چلے، کیا اس میں

فِي ذَٰلِكَ قَسَمٌ لِذِي حِجْرٍ ﴿٥﴾ أَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِعَادٍ ﴿٦﴾ إِرَمَ

فِي	ذَٰلِكَ	قَسَمٌ	لِذِي حِجْرٍ	أَلَمْ تَرَ	كَيْفَ	فَعَلَ	رَبُّكَ	بِعَادٍ	إِرَمَ
میں	اس	قسم	ہر عقل مند کے نزدیک	کیا تم نے نہیں دیکھا	کیسا	معاملہ کیا	تمہارا رب	عاد کے ساتھ	اِرم

(ان چیزوں کی) قسم ہر عقلمند کے نزدیک معتبر ہے؟ کیا تم نے نہیں دیکھا تمہارے رب نے کیا معاملہ کیا؟ عاد کے ساتھ، اِرم کے

ذَاتِ الْعِمَادِ ۝٧ الَّتِيْ لَمْ يُخْلَقْ مِثْلُهَا فِي الْبِلَادِ ۝٨ وَثَمُوْدَ الَّذِيْنَ

ذَاتِ الْعِمَادِ	الَّتِيْ	لَمْ يُخْلَقْ	مِثْلُهَا	فِي	الْبِلَادِ	وَثَمُوْدَ	الَّذِيْنَ
ستونوں والے	وہ جو	نہیں پیدا کیا گیا	اس جیسا	میں	شہر (جمع)	اور ثمود	جنہوں نے

ستونوں والے، اس جیسا شہروں میں پیدا نہیں کیا گیا - اور ثمود کے ساتھ، جنہوں نے

جَابُوا الصَّخْرَ بِالْوَادِ ۝٩ وَفِرْعَوْنَ ذِي الْأَوْتَادِ ۝١٠ الَّذِيْنَ طَغَوْا فِي الْبِلَادِ ۝١١

جَابُوا الصَّخْرَ	بِالْوَادِ	وَ	فِرْعَوْنَ	ذِي الْأَوْتَادِ	الَّذِيْنَ	طَغَوْا	فِي الْبِلَادِ
کاٹے (تراشے) سخت پتھر	وادی میں	اور	فرعون	میخوں والا	وہ جنہوں نے	سرکشی کی	شہروں میں

وادی میں سخت پتھر تراشے، اور میخوں والے فرعون کے ساتھ جنہوں نے شہروں میں سرکشی کی،

فَأَكْثَرُوْا فِيْهَا الْفَسَادَ ۝١٢ فَصَبَّ عَلَيْهِمْ رَبُّكَ سَوْطَ عَذَابٍ ۝١٣

فَأَكْثَرُوْا	فِيْهَا	الْفَسَادَ	فَصَبَّ	عَلَيْهِمْ	رَبُّكَ	سَوْطَ	عَذَابٍ
بہت کیا	اس میں	فساد	پس ڈالا	ان پر	تمہارا رب	کوڑا	عذاب

پھر ان شہروں میں بہت فساد کیا۔ پس اُن پر تمہارے رب نے عذاب کا کوڑا ڈالا (پھینکا) -

إِنَّ رَبَّكَ لَبِالْمِرْصَادِ ۝١٤ فَأَمَّا الْإِنْسَانُ إِذَا مَا ابْتَلٰهُ رَبُّهُ فَأَكْرَمَهُ

إِنَّ	رَبَّكَ	لَبِالْمِرْصَادِ	فَأَمَّا	الْإِنْسَانُ	إِذَا	مَا ابْتَلٰهُ	رَبُّهُ	فَأَكْرَمَهُ
بیشک	تمہارا رب	گھات میں	پس جو	انسان	جب	اس کو آزمائے	اس کا رب	اس کو عزت دے

بیشک تمہارا رب گھات میں ہے - پس انسان کو جب اس کا رب آزمائے، پھر اس کو عزت دے

وَنَعَّمَهُ ۙ فَيَقُوْلُ رَبِّيْ أَكْرَمَنِ ۝١٥ وَأَمَّا إِذَا مَا ابْتَلٰهُ فَقَدَرَ عَلَيْهِ رِزْقَهُ ۙ

وَنَعَّمَهُ	فَيَقُوْلُ	رَبِّيْ	أَكْرَمَنِ	وَأَمَّا - إِذَا	مَا ابْتَلٰهُ	فَقَدَرَ	عَلَيْهِ	رِزْقَهُ
اور اسے نعمت دے	تو وہ کہے	میرا رب	مجھے عزت دی	اور جب	اُسے آزمائے	اندازہ سے دیتا ہے	اس پر	اس کا رزق

اور نعمت دے، تو وہ کہے میرے رب نے مجھے عزت دی اور جب اُسے آزمائے اور اسے روزی اندازہ سے (تنگ کر کے) دے

فَيَقُوْلُ رَبِّيْ أَهَانَنِ ۝١٦ كَلَّا بَلْ لَّا تُكْرِمُوْنَ الْيَتِيْمَ ۝١٧ وَلَا تَحٰٓضُّوْنَ

فَيَقُوْلُ	رَبِّيْ	أَهَانَنِ	كَلَّا	بَلْ	لَا تُكْرِمُوْنَ	الْيَتِيْمَ	وَلَا تَحٰٓضُّوْنَ
تو وہ کہے	میرا رب	مجھے ذلیل کیا	ہرگز نہیں	بلکہ	عزت نہیں کرتے	یتیم	اور رغبت نہیں دیتے

تو وہ کہے کہ میرے رب نے مجھے ذلیل کیا - ہرگز نہیں بلکہ تم یتیم کی عزت نہیں کرتے، اور رغبت نہیں دیتے

عَلٰى طَعَامِ الْمِسْكِيْنِ ﴿۱۸﴾ وَتَاْكُلُوْنَ التُّرَاثَ اَكْلًا لَّمًّا ﴿۱۹﴾ وَّتُحِبُّوْنَ الْمَالَ

عَلٰى	طَعَامِ	الْمِسْكِيْنِ	وَتَاْكُلُوْنَ	التُّرَاثَ	اَكْلًا لَّمًّا	وَتُحِبُّوْنَ	الْمَالَ
پر	کھانا	مسکین	اور تم کھاتے ہو	مالِ میراث	کھانا سمیٹ کر	اور محبت کرتے ہو	مال

مسکین کو کھانا (کھلانے پر)، اور تم مالِ میراث سمیٹ سمیٹ کر کھاتے ہو، اور مال سے محبت کرتے ہو

حُبًّا جَمًّا ﴿۲۰﴾ كَلَّآ اِذَا دُكَّتِ الْاَرْضُ دَكًّا دَكًّا ﴿۲۱﴾ وَّجَآءَ رَبُّكَ وَالْمَلَكُ

حُبًّا	جَمًّا	كَلَّآ اِذَا	دُكَّتِ	الْاَرْضُ	دَكًّا دَكًّا	وَجَآءَ	رَبُّكَ	وَالْمَلَكُ
محبت	بہت	ہرگز نہیں جب	پست کر دی جائیگی	زمین	کوٹ کوٹ کر	اور آئے گا	تمہارا رب	اور (آئیں) فرشتے

بہت زیادہ محبت۔ ہرگز نہیں، جب زمین کوٹ کوٹ کر پست کر دی جائے اور آئے تمہارا رب اور (آئیں) فرشتے

صَفًّا صَفًّا ﴿۲۲﴾ وَجِايْٓءَ يَوْمَىِٕذٍۭ بِجَهَنَّمَ ۙ يَوْمَىِٕذٍ يَّتَذَكَّرُ الْاِنْسَانُ

صَفًّا صَفًّا	وَجِايْٓءَ	يَوْمَىِٕذٍ	بِجَهَنَّمَ	يَوْمَىِٕذٍ	يَّتَذَكَّرُ	الْاِنْسَانُ
قطار در قطار	اور لائی جائے	اس دن	جہنم میں	اس دن	سوچے گا	انسان

قطار در قطار۔ اور اُس دن جہنم لائی جائے، اُس دن انسان سوچے گا

وَاَنّٰى لَهُ الذِّكْرٰى ﴿۲۳﴾ يَقُوْلُ يٰلَيْتَنِيْ قَدَّمْتُ لِحَيَاتِيْ ﴿۲۴﴾ فَيَوْمَىِٕذٍ

وَاَنّٰى	لَهُ	الذِّكْرٰى	يَقُوْلُ	يٰلَيْتَنِيْ	قَدَّمْتُ	لِحَيَاتِيْ	فَيَوْمَىِٕذٍ
اور کہاں	اس کے لئے	سوچنا	وہ کہے گا	اے کاش	میں نے پہلے بھیجا ہوتا	اپنی زندگی کے لئے	پس اس دن

اور اسے سوچنا کہاں (نفع) دے گا؟ کہے گا اے کاش! میں نے اپنی اس زندگی کے لئے پہلے (نیک عمل) بھیجا ہوتا پس اس دن

لَّا يُعَذِّبُ عَذَابَهٗٓ اَحَدٌ ﴿۲۵﴾ وَّلَا يُوْثِقُ وَثَاقَهٗٓ اَحَدٌ ﴿۲۶﴾ يٰٓاَيَّتُهَا

لَا يُعَذِّبُ	عَذَابَهٗٓ	اَحَدٌ	وَّلَا يُوْثِقُ	وَثَاقَهٗٓ	اَحَدٌ	يٰٓاَيَّتُهَا
عذاب نہ دے گا	اس کا عذاب	کوئی	اور نہ باندھ کر رکھے	اس کا باندھنا	کوئی	اے

اس جیسا عذاب کوئی نہ دے گا، نہ اس جیسا باندھنا کوئی باندھ کر رکھے گا۔ اے

النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ ﴿۲۷﴾ ارْجِعِيْٓ اِلٰى رَبِّكِ رَاضِيَةً مَّرْضِيَّةً ﴿۲۸﴾ فَادْخُلِيْ

النَّفْسُ	الْمُطْمَئِنَّةُ	ارْجِعِيْٓ	اِلٰى	رَبِّكِ	رَاضِيَةً	مَّرْضِيَّةً	فَادْخُلِيْ
نفس (روح)	اطمینان والی	لوٹ چل	طرف	اپنے رب	راضی	وہ تجھ سے راضی	پس داخل ہو

روحِ مطمئن (اطمینان والی) لوٹ چل اپنے رب کی طرف وہ تجھ سے راضی، تو اس سے راضی، پس داخل ہو جا

فِيْ عِبٰدِيْ ﴿۲۹﴾ وَادْخُلِيْ جَنَّتِيْ ﴿۳۰﴾

فِيْ	عِبٰدِيْ	وَادْخُلِيْ	جَنَّتِيْ
میں	میرے بندے	اور داخل ہو	میری جنت

میرے بندوں میں اور داخل ہو جا میری جنت میں۔

۹۰ = سُوْرَةُ الْبَلَدِ مَكِّيَّةٌ = ۳۵

اٰيَاتُهَا ۲۰ — رُكُوْعُهَا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو بہت مہربان، رحم کرنے والا ہے

لَآ اُقْسِمُ بِهٰذَا الْبَلَدِ ﴿۱﴾ وَاَنْتَ حِلٌّۢ بِهٰذَا الْبَلَدِ ﴿۲﴾ وَوَالِدٍ وَّمَا وَلَدَ ﴿۳﴾

لَآ اُقْسِمُ	بِهٰذَا	الْبَلَدِ	وَاَنْتَ	حِلٌّۢ	بِهٰذَا	الْبَلَدِ	وَوَالِدٍ	وَّمَا وَلَدَ
نہیں میں قسم کھاتا ہوں	اس	شہر	اور آپ	اترے ہوئے	اس	شہر	اور والد کی	اور اولاد

نہیں، میں اس شہر کی قسم کھاتا ہوں، اور آپ اس شہر میں اترے ہوئے ہیں، اور (قسم کھاتا ہوں) والد کی، اور اولاد کی،

لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِيْ كَبَدٍ ﴿۴﴾ اَيَحْسَبُ اَنْ لَّنْ يَّقْدِرَ عَلَيْهِ اَحَدٌ ﴿۵﴾

لَقَدْ خَلَقْنَا	الْاِنْسَانَ	فِيْ	كَبَدٍ	اَيَحْسَبُ	اَنْ	لَّنْ يَّقْدِرَ	عَلَيْهِ	اَحَدٌ
تحقیق ہم نے پیدا کیا	انسان	میں	مشقت	کیا وہ گمان کرتا ہے	کہ	ہرگز بس نہیں چلے گا	اس پر	کسی

تحقیق ہم نے انسان کو مشقت میں (گرفتار) پیدا کیا۔ کیا وہ گمان کرتا ہے کہ اس پر ہرگز کسی کا بس نہیں چلے گا؟

يَقُوْلُ اَهْلَكْتُ مَالًا لُّبَدًا ﴿۶﴾ اَيَحْسَبُ اَنْ لَّمْ يَرَهٗٓ اَحَدٌ ﴿۷﴾ اَلَمْ نَجْعَلْ

يَقُوْلُ	اَهْلَكْتُ	مَالًا	لُّبَدًا	اَيَحْسَبُ	اَنْ	لَّمْ يَرَهٗٓ	اَحَدٌ	اَلَمْ	نَجْعَلْ
وہ کہتا ہے	خرچ کر ڈالا	مال	ڈھیروں	کیا وہ گمان کرتا ہے	کہ	اس کو نہیں دیکھا	کسی	کیا نہیں	ہم نے بنایا

وہ کہتا ہے میں نے ڈھیروں مال خرچ کر ڈالا۔ کیا وہ گمان کرتا ہے کہ اس کو کسی نے نہیں دیکھا؟ کیا ہم نے نہیں بنائیں؟

لَهٗ عَيْنَيْنِ ﴿۸﴾ وَلِسَانًا وَّشَفَتَيْنِ ﴿۹﴾ وَهَدَيْنٰهُ النَّجْدَيْنِ ﴿۱۰﴾ فَلَا اقْتَحَمَ

لَهٗ	عَيْنَيْنِ	وَلِسَانًا	وَّشَفَتَيْنِ	وَهَدَيْنٰهُ	النَّجْدَيْنِ	فَلَا اقْتَحَمَ
اسکے لئے	دو آنکھیں	اور زبان	اور دو ہونٹ	اور ہم نے اسے دکھائے	دو راستے	پس نہ داخل ہوا وہ

اس کی دو آنکھیں، اور زبان، اور دو ہونٹ، اور ہم نے دو راستے دکھائے۔ پس وہ نہ داخل ہوا

الْعَقَبَةَ ﴿۱۱﴾ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الْعَقَبَةُ ﴿۱۲﴾ فَكُّ رَقَبَةٍ ﴿۱۳﴾ اَوْ اِطْعٰمٌ فِيْ يَوْمٍ

الْعَقَبَةَ	وَمَا	اَدْرٰىكَ	مَا	الْعَقَبَةُ	فَكُّ	رَقَبَةٍ	اَوْ	اِطْعٰمٌ	فِيْ	يَوْمٍ
گھاٹی	اور کیا	تم سمجھے	کیا	عقبہ	چھڑانا	گردن (اسیر)	یا	کھانا کھلانا	میں	دن

"عقبہ" (گھاٹی) میں اور تم کیا سمجھے "عقبہ" کیا ہے؟ گردن چھڑانا (اسیر کا آزاد کرانا) یا کھانا کھلانا

ذِيْ مَسْغَبَةٍ ﴿۱۴﴾ يَّتِيْمًا ذَا مَقْرَبَةٍ ﴿۱۵﴾ اَوْ مِسْكِيْنًا ذَا مَتْرَبَةٍ ﴿۱۶﴾ ثُمَّ

ذِيْ مَسْغَبَةٍ	يَّتِيْمًا	ذَا مَقْرَبَةٍ	اَوْ	مِسْكِيْنًا	ذَا مَتْرَبَةٍ	ثُمَّ
بھوک والے	یتیم	قرابت دار	یا	مسکین	خاک نشین	پھر

بھوک والے دن میں، قرابت دار (رشتہ دار) یتیم کو، یا خاک نشین مسکین کو، پھر

كَانَ مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ وَتَوَاصَوْا بِالْمَرْحَمَةِ ﴿۱۷﴾

كَانَ	مِنَ	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	وَتَوَاصَوْا	بِالصَّبْرِ	وَتَوَاصَوْا	بِالْمَرْحَمَةِ
ہو	سے	جو ایمان لائے	اور باہم نصیحت کی	صبر کی	اور باہم نصیحت کی	رحم کھانے کی

ہو ان لوگوں میں سے جو ایمان لائے اور انہوں نے وصیت کی باہم صبر کی اور باہم رحم کھانے کی۔

اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ ﴿۱۸﴾ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِنَا هُمْ

اُولٰٓئِكَ	اَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ	وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا	بِاٰيٰتِنَا	هُمْ
وہ (یہی) لوگ	برکت والے (خوش نصیب)	اور جن لوگوں نے انکار کیا	ہماری آیات	وہ

یہی لوگ ہیں خوش نصیب۔ اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں کا انکار کیا وہ

اَصْحٰبُ الْمَشْئَمَةِ ﴿۱۹﴾ عَلَيْهِمْ نَارٌ مُّؤْصَدَةٌ ﴿۲۰﴾

اَصْحٰبُ الْمَشْئَمَةِ	عَلَيْهِمْ	نَارٌ	مُّؤْصَدَةٌ
نحوست والے (بدبخت)	ان پر	آگ	موندی (بند) کی ہوئی

بدبخت لوگ ہیں۔ ان پر آگ موندی ہوئی ہے (انہیں آگ میں بند کر دیا گیا ہے)۔

اٰيَاتُهَا ۱۵ | ۹۱ = سُوْرَةُ الشَّمْسِ مَكِّيَّةٌ = ۲۶ | رُكُوْعُهَا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو بہت مہربان، رحم کرنے والا ہے

وَالشَّمْسِ وَضُحٰهَا ﴿۱﴾ وَالْقَمَرِ اِذَا تَلٰهَا ﴿۲﴾ وَالنَّهَارِ اِذَا جَلّٰهَا ﴿۳﴾ وَالَّيْلِ

وَالشَّمْسِ	وَضُحٰهَا	وَالْقَمَرِ	اِذَا	تَلٰهَا	وَالنَّهَارِ	اِذَا	جَلّٰهَا	وَالَّيْلِ
سورج کی قسم	اور اس کی روشنی	اور چاند کی	جب	اسکے پیچھے نکلے	اور دن کی	جب	وہ روشن کر دے	اور رات کی

قسم ہے سورج کی اور اس کی روشنی کی، اور چاند کی جب وہ اس کے پیچھے سے نکلے اور دن کی جب وہ اسے روشن کر دے اور رات کی

اِذَا يَغْشٰهَا ﴿۴﴾ وَالسَّمَآءِ وَمَا بَنٰهَا ﴿۵﴾ وَالْاَرْضِ وَمَا طَحٰهَا ﴿۶﴾ وَنَفْسٍ

اِذَا	يَغْشٰهَا	وَالسَّمَآءِ	وَمَا	بَنٰهَا	وَالْاَرْضِ	وَمَا	طَحٰهَا	وَنَفْسٍ
جب	اسے ڈھانپ دے	اور آسمان کی	اور جس	اُسے بنایا	اور زمین کی	اور جس	اسے پھیلایا	اور نفس (انسان) کی

جب وہ اسے ڈھانپ لے، اور قسم آسمان کی، اور جس نے اسے بنایا، اور زمین کی اور جس نے اسے پھیلایا، اور انسان کی

وَّمَا سَوّٰهَا ﴿۷﴾ فَاَلْهَمَهَا فُجُوْرَهَا وَتَقْوٰهَا ﴿۸﴾ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ زَكّٰهَا ﴿۹﴾ وَ

وَمَا	سَوّٰهَا	فَاَلْهَمَهَا	فُجُوْرَهَا	وَتَقْوٰهَا	قَدْ اَفْلَحَ	مَنْ	زَكّٰهَا	وَ
اور جس	اسے درست کیا	اسکے دل میں ڈالی	اس کا گناہ	اور اس کی پرہیزگاری	کامیاب ہوا	جو	اس کو پاک کیا	اور

اور جس نے اسے درست کیا، پھر اسکے گناہ اور پرہیزگاری (کی سمجھ) اسکے دل میں ڈالی۔ تحقیق کامیاب ہوا جس نے اس کو پاک کیا

قَدْ خَابَ مَنْ دَسّٰهَا ﴿۱۰﴾ كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ بِطَغْوٰىهَآ ﴿۱۱﴾ اِذِ انْۢبَعَثَ اَشْقٰىهَا ﴿۱۲﴾

قَدْ خَابَ	مَنْ	دَسّٰهَا	كَذَّبَتْ	ثَمُوْدُ	بِطَغْوٰىهَا	اِذِ	انْۢبَعَثَ	اَشْقٰىهَا
تحقیق نامراد ہوا	جو جس	اسے خاک میں ملایا	جھٹلایا	ثمود	اپنی سرکشی	جب	اُٹھ کھڑا ہوا	اس کا بدبخت

اور تحقیق نامراد ہوا جس نے اسے خاک میں ملایا۔ ثمود نے اپنی سرکشی (کی وجہ) سے جھٹلایا، جب ان کا بدبخت اُٹھ کھڑا ہوا۔

فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ نَاقَةَ اللّٰهِ وَسُقْيٰهَا ﴿۱۳﴾ فَكَذَّبُوْهُ فَعَقَرُوْهَا

فَقَالَ	لَهُمْ	رَسُوْلُ	اللّٰهِ	نَاقَةَ اللّٰهِ	وَسُقْيٰهَا	فَكَذَّبُوْهُ	فَعَقَرُوْهَا
تو کہا	ان سے	رسول	اللہ	اللہ کی اونٹنی	اور اسکی پانی کی باری	پھر اس کو جھٹلایا	پھر اس کی کونچیں کاٹ ڈالیں

تو ان سے اللہ کے رسول نے کہا (خبردار ہو) اللہ کی اونٹنی اور اس کے پانی پینے کی باری سے۔ پھر انہوں نے اس کو جھٹلایا اور اسکی کونچیں کاٹ ڈالیں

فَدَمْدَمَ عَلَيْهِمْ رَبُّهُمْ بِذَنْۢبِهِمْ فَسَوّٰىهَا ﴿۱۴﴾ وَلَا يَخَافُ عُقْبٰهَا ﴿۱۵﴾

فَدَمْدَمَ	عَلَيْهِمْ	رَبُّهُمْ	بِذَنْۢبِهِمْ	فَسَوّٰىهَا	وَلَا يَخَافُ	عُقْبٰهَا
پھر ہلاکت ڈالی	اُن پر	ان کا رب	انکے گناہ کے سبب	پھر انہیں برابر کر دیا	اور وہ نہیں ڈرتا	ان کا انجام

پھر اُن کے رب نے اُن پر اُن کے گناہ کے سبب ہلاکت ڈالی، پھر انہیں برابر کر دیا، اور وہ ان کے انجام سے نہیں ڈرتا۔

ع ۱ ۱۵ ۱۶

اٰیاتُھا ۲۱ | ۹۲ = سُوْرَۃُ الَّیْلِ مَکِّیَّۃٌ = ۹ | رُکُوْعُھَا ۱

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے جو بہت مہربان، رحم کرنے والا ہے

وَالَّیْلِ اِذَا یَغْشٰی ۙ﴿۱﴾ وَالنَّھَارِ اِذَا تَجَلّٰی ۙ﴿۲﴾ وَمَا خَلَقَ الذَّکَرَ وَالْاُنْثٰی ۙ﴿۳﴾ اِنَّ

وَالَّیْلِ	اِذَا	یَغْشٰی	وَالنَّھَارِ	اِذَا تَجَلّٰی	وَمَا خَلَقَ	الذَّکَرَ	وَالْاُنْثٰی	اِنَّ
رات کی قسم	جب	وہ ڈھانک لے	اور دن کی	جب وہ روشن ہو	اور جو اس نے پیدا کیا	نر	اور مادہ	بیشک

رات کی قسم جب وہ ڈھانک لے، اور دن کی جب وہ روشن ہو، اور اس کی جو اس نے نر و مادہ پیدا کئے۔ بیشک

سَعْیَکُمْ لَشَتّٰی ؕ﴿۴﴾ فَاَمَّا مَنْ اَعْطٰی وَاتَّقٰی ۙ﴿۵﴾ وَصَدَّقَ بِالْحُسْنٰی ۙ﴿۶﴾

سَعْیَکُمْ	لَشَتّٰی	فَاَمَّا	مَنْ	اَعْطٰی	وَاتَّقٰی	وَصَدَّقَ	بِالْحُسْنٰی
تمہاری کوشش	مختلف	سو جو	جس	دیا	اور پرہیزگاری اختیار کی	اور سچ جانا	اچھی بات کو

تمہاری کوشش مختلف (منتشر) ہے۔ سو جس نے دیا اور پرہیزگاری اختیار کی، اور اچھی بات کو سچ جانا،

فَسَنُیَسِّرُہٗ لِلْیُسْرٰی ؕ﴿۷﴾ وَاَمَّا مَنْۢ بَخِلَ وَاسْتَغْنٰی ۙ﴿۸﴾ وَکَذَّبَ

فَسَنُیَسِّرُہٗ	لِلْیُسْرٰی	وَاَمَّا	مَنْۢ بَخِلَ	وَاسْتَغْنٰی	وَکَذَّبَ
پس عنقریب اسے آسان کر دیں گے	آسانی	اور جو	جس نے بخل کیا	اور بے پروا رہا	اور جھٹلایا

پس ہم عنقریب اس کے لئے آسانی (کی توفیق) کر دیں گے۔ اور جس نے بخل کیا اور بے پروا رہا اور جھٹلایا

بِالْحُسْنٰی ۙ﴿۹﴾ فَسَنُیَسِّرُہٗ لِلْعُسْرٰی ؕ﴿۱۰﴾ وَمَا یُغْنِیْ عَنْہُ مَالُہٗۤ اِذَا تَرَدّٰی ؕ﴿۱۱﴾

بِالْحُسْنٰی	فَسَنُیَسِّرُہٗ	لِلْعُسْرٰی	وَمَا یُغْنِیْ	عَنْہُ	مَالُہٗ	اِذَا تَرَدّٰی
اچھی بات کو	پس عنقریب اسے آسان کر دینگے	دشواری۔ سختی	اور نہ فائدہ دے گا	اس کو	اس کا مال	جب نیچے گرے گا وہ

اچھی بات کو پس ہم عنقریب اس کے لئے دشواری آسان کر دیں گے۔ اور اس کا مال اس کو فائدہ نہ دے گا جب وہ نیچے گرے گا

اِنَّ عَلَیْنَا لَلْھُدٰی ۖ﴿۱۲﴾ وَاِنَّ لَنَا لَلْاٰخِرَۃَ وَالْاُوْلٰی ﴿۱۳﴾ فَاَنْذَرْتُکُمْ

اِنَّ	عَلَیْنَا	لَلْھُدٰی	وَاِنَّ	لَنَا	لَلْاٰخِرَۃَ	وَالْاُوْلٰی	فَاَنْذَرْتُکُمْ
بیشک	ہم پر (ہمارا ذمہ)	البتہ راہ دکھانا	اور بیشک	ہمارے لئے	آخرت	اور دنیا	پس میں تمہیں ڈراتا ہوں

بیشک ہمارے ذمہ ہے راہ دکھانا اور بیشک دنیا و آخرت ہمارے ہاتھ میں ہے۔ پس میں تمہیں ڈراتا ہوں

نَارًا تَلَظّٰى ﴿١٤﴾ لَا يَصْلٰىهَآ اِلَّا الْاَشْقَى ﴿١٥﴾ الَّذِيْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ﴿١٦﴾

نَارًا	تَلَظّٰى	لَا يَصْلٰىهَا	اِلَّا	الْاَشْقَى	الَّذِيْ كَذَّبَ	وَتَوَلّٰى
آگ	بھڑکتی ہوئی	نہ داخل ہوگا اس میں	مگر	انتہائی بدبخت	جس نے جھٹلایا	اور منہ موڑا

بڑھکتی ہوئی آگ سے - اس میں صرف بدبخت داخل ہوگا، جس نے جھٹلایا اور منہ موڑا -

وَسَيُجَنَّبُهَا الْاَتْقَى ﴿١٧﴾ الَّذِيْ يُؤْتِيْ مَالَهٗ يَتَزَكّٰى ﴿١٨﴾ وَمَا لِاَحَدٍ عِنْدَهٗ

وَسَيُجَنَّبُهَا	الْاَتْقَى	الَّذِيْ	يُؤْتِيْ	مَالَهٗ	يَتَزَكّٰى	وَمَا لِاَحَدٍ	عِنْدَهٗ
اور عنقریب اس سے بچا لیا جائیگا	بڑا پرہیزگار	جو	دیتا ہے	اپنا مال	پاک کرنے کو	اور نہیں کسی کے لئے	اس پر

اور عنقریب اس سے پرہیزگار بچا لیا جائے گا جو اپنا مال دیتا ہے (اپنا دل) پاک صاف کرنے کو اور کسی کا اس پر

ع ۱ ۲۱ ۱۷

مِنْ نِّعْمَةٍ تُجْزٰٓى ﴿١٩﴾ اِلَّا ابْتِغَآءَ وَجْهِ رَبِّهِ الْاَعْلٰى ﴿٢٠﴾ وَلَسَوْفَ يَرْضٰى ﴿٢١﴾

مِنْ	نِّعْمَةٍ	تُجْزٰٓى	اِلَّا	ابْتِغَآءَ	وَجْهِ	رَبِّهِ	الْاَعْلٰى	وَلَسَوْفَ	يَرْضٰى
سے	نعمت (احسان)	بدلہ دی جائے	مگر	چاہیئے کہ	رضا	اپنا رب	بلند و برتر	اور عنقریب	راضی ہوگا

احسان نہیں جس کا بدلہ دے، مگر اپنے بزرگ و برتر رب کی رضا چاہنے کو، اور وہ عنقریب راضی ہو گا -

۹۳ = سُوْرَةُ الضُّحٰى مَكِّيَّةٌ = ۱۱

اٰيَاتُهَا ۱۱ — رُكُوْعُهَا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان، رحم کرنے والا ہے

وَالضُّحٰى ﴿١﴾ وَالَّيْلِ اِذَا سَجٰى ﴿٢﴾ مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلٰى ﴿٣﴾ وَلَلْاٰخِرَةُ

وَالضُّحٰى	وَالَّيْلِ	اِذَا	سَجٰى	مَا وَدَّعَكَ	رَبُّكَ	وَمَا	قَلٰى	وَلَلْاٰخِرَةُ
قسم ہے دھوپ چڑھنے کی (آفتاب)	اور رات کی	جب	چھا جائے	آپؐ کو نہیں چھوڑا	آپؐ کا رب	اور نہ	بیزار ہوا	اور آخرت

قسم ہے آفتاب کی روشنی کی، اور رات کی جب وہ چھا جائے، آپؐ کے رب نے آپؐ کو نہیں چھوڑا، اور نہ بیزار ہوا - اور آخرت

خَيْرٌ لَّكَ مِنَ الْاُوْلٰى ﴿٤﴾ وَلَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى ﴿٥﴾

خَيْرٌ	لَّكَ	مِنَ	الْاُوْلٰى	وَلَسَوْفَ	يُعْطِيْكَ	رَبُّكَ	فَتَرْضٰى
بہتر	آپؐ کیلئے	سے	پہلی	اور عنقریب	آپؐ کو عطا کرے گا	آپؐ کا رب	پس آپؐ راضی ہو جائیں گے

آپؐ کے لئے پہلی (حالت) سے بہتر ہے - اور عنقریب آپؐ کو آپؐ کا رب عطا کرے گا، پس آپؐ راضی ہو جائیں گے

اَلَمْ يَجِدْكَ يَتِيمًا فَاٰوٰى ۝٦ وَوَجَدَكَ ضَآلًّا فَهَدٰى ۝٧ وَوَجَدَكَ عَآئِلًا

اَلَمْ	يَجِدْكَ	يَتِيمًا	فَاٰوٰى	وَوَجَدَكَ	ضَآلًّا	فَهَدٰى	وَوَجَدَكَ	عَآئِلًا
کیا نہیں	آپؐ کو پایا	یتیم	پس ٹھکانہ دیا	اور آپؐ کو پایا	بے خبر	تو ہدایت دی	اور آپؐ کو پایا	مفلس

کیا آپؐ کو یتیم نہیں پایا؟ پس ٹھکانہ دیا، اور آپؐ کو بے خبر پایا تو ہدایت دی ، آپؐ کو مفلس پایا

فَاَغْنٰى ۝٨ فَاَمَّا الْيَتِيْمَ فَلَا تَقْهَرْ ۝٩ وَاَمَّا السَّآئِلَ فَلَا تَنْهَرْ ۝١٠

فَاَغْنٰى	فَاَمَّا	الْيَتِيْمَ	فَلَا تَقْهَرْ	وَاَمَّا	السَّآئِلَ	فَلَا تَنْهَرْ
تو غنی کر دیا	پس جو	یتیم	تو قہر نہ کر	اور جو	سوال کرنے والا	تو نہ جھڑک

تو غنی کر دیا - پس جو یتیم ہو اس پر قہر نہ کریں اور جو سوال کرنے والا ہو اسے نہ جھڑکیں -

ع ۱۱ ۱۸

وَاَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ ۝١١

وَاَمَّا	بِنِعْمَةِ	رَبِّكَ	فَحَدِّثْ
اور جو	نعمت	اپنا رب	سو بیان کر

اور جو آپؐ کے رب کی نعمت ہے اسے بیان کریں -

اٰیاتھا ۸ | ۹۴ = سُوْرَةُ الْاِنْشِرَاحِ مَكِّيَّةٌ = ۱۲ | رکوعھا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو رحم کرنے والا، نہایت مہربان ہے

اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ۝١ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ ۝٢ الَّذِيْٓ اَنْقَضَ

اَلَمْ	نَشْرَحْ	لَكَ	صَدْرَكَ	وَوَضَعْنَا	عَنْكَ	وِزْرَكَ	الَّذِيْ	اَنْقَضَ
کیا نہیں	کھول دیا	آپؐ کے لئے	آپؐ کا سینہ	اور ہم نے اتار دیا	آپؐ سے	آپؐ کا بوجھ	جو - جس	توڑ دی

کیا ہم نے آپؐ کا سینہ نہیں کھول دیا؟ اور آپؐ سے آپ کا بوجھ اتار دیا - جس نے توڑ دی (جھکا دی)

ظَهْرَكَ ۝٣ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ۝٤ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝٥ اِنَّ

ظَهْرَكَ	وَرَفَعْنَا	لَكَ	ذِكْرَكَ	فَاِنَّ	مَعَ	الْعُسْرِ	يُسْرًا	اِنَّ
آپؐ کی پشت	اور ہم نے بلند کیا	آپؐ کے لئے	آپؐ کا ذکر	پس بیشک	ساتھ	دشواری	آسانی	بیشک

آپؐ کی پشت، اور ہم نے آپؐ کا ذکر بلند کیا - بیشک دشواری کے ساتھ آسانی ہے - بیشک

مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝٦ فَإِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ۝٧ وَإِلَىٰ رَبِّكَ فَارْغَبْ ۝٨ ع

مَعَ الْعُسْرِ	يُسْرًا	فَإِذَا	فَرَغْتَ	فَانْصَبْ	وَإِلَىٰ	رَبِّكَ	فَارْغَبْ
ساتھ دشواری	آسانی	پس جب	آپؐ فارغ ہوں	محنت کریں	اور طرف	اپنا رب	رغبت کریں

دشواری کے ساتھ آسانی ہے۔ پس جب آپؐ فارغ ہوں تو (عبادت میں) محنت کریں اور اپنے رب کی طرف رغبت کریں (دل لگائیں)۔

اٰیاتُھا ۸ | سُوْرَةُ التِّيْنِ مَكِّيَّةٌ = ۲۸ | رُکُوْعُھا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان، رحم کرنے والا ہے

وَالتِّيْنِ وَالزَّيْتُوْنِ ۝١ وَطُوْرِ سِيْنِيْنَ ۝٢ وَهٰذَا الْبَلَدِ الْاَمِيْنِ ۝٣

وَالتِّيْنِ	وَالزَّيْتُوْنِ	وَطُوْرِ + سِيْنِيْنَ	وَهٰذَا	الْبَلَدِ	الْاَمِيْنِ
قسم ہے انجیر کی	اور زیتون کی	اور طورِ سینا کی	اور اس	شہر	امن والا

قسم ہے انجیر کی، اور زیتون کی، اور طورِ سینا کی، اور اِس امن والے شہر کی،

لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِيْٓ اَحْسَنِ تَقْوِيْمٍ ۝٤ ثُمَّ رَدَدْنٰهُ اَسْفَلَ سٰفِلِيْنَ ۝٥

لَقَدْ خَلَقْنَا	الْاِنْسَانَ	فِيْٓ	اَحْسَنِ	تَقْوِيْمٍ	ثُمَّ	رَدَدْنٰهُ	اَسْفَلَ	سٰفِلِيْنَ
البتہ ہم نے پیدا کیا	انسان	میں	بہترین	سانچہ (ساخت)	پھر	ہم نے اسے لوٹا دیا	سب سے نیچا	نیچوں والا

البتہ ہم نے انسان کو بہترین ساخت میں پیدا کیا پھر ہم نے اسے سب سے نیچی (پست ترین) حالت میں لوٹا دیا،

اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ۝٦

اِلَّا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ	فَلَهُمْ	اَجْرٌ	غَيْرُ	مَمْنُوْنٍ
سوائے	جو لوگ	ایمان لائے	اور عمل کئے	نیک	تو اُن کے لئے	اجر	نہ	ختم ہونے والا

سوائے ان لوگوں کے جو ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے تو ان کے لئے ختم نہ ہونے والا اجر ہے۔

فَمَا يُكَذِّبُكَ بَعْدُ بِالدِّيْنِ ۝٧ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَحْكَمِ الْحٰكِمِيْنَ ۝٨ ع

فَمَا يُكَذِّبُكَ	بَعْدُ	بِالدِّيْنِ	اَلَيْسَ	اللّٰهُ	بِاَحْكَمِ	الْحٰكِمِيْنَ
پس کیوں تو جھٹلاتا ہے	اس کے بعد	دین (روزِ جزا و سزا)	کیا نہیں	اللہ	سب سے بڑا حاکم	تمام حاکم

پس تو اس کے بعد روزِ جزا و سزا کو کیوں جھٹلاتا ہے؟ کیا اللہ سب حاکموں سے بڑا حاکم نہیں ہے؟

ایاتھا ۱۹ | ۹۶ = سُوْرَةُ الْعَلَقِ مَكِّيَّةٌ = ۱ | رکوعھا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان، رحم کرنے والا ہے

اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِيْ خَلَقَ ۚ﴿۱﴾ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ ۚ﴿۲﴾ اِقْرَاْ

اِقْرَاْ	بِاسْمِ	رَبِّكَ	الَّذِيْ	خَلَقَ	خَلَقَ	الْاِنْسَانَ	مِنْ	عَلَقٍ	اِقْرَاْ
آپ پڑھیئے	نام سے	اپنا رب	جس نے	پیدا کیا	پیدا کیا	انسان	سے	جما ہوا خون	پڑھیئے

پڑھیئے اپنے رب کے نام سے جس نے (سب کو) پیدا کیا، انسان کو جمے ہوئے خون سے پیدا کیا، پڑھئے

وَرَبُّكَ الْاَكْرَمُ ۙ﴿۳﴾ الَّذِيْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ ۙ﴿۴﴾ عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ يَعْلَمْ ؕ﴿۵﴾

وَرَبُّكَ	الْاَكْرَمُ	الَّذِيْ	عَلَّمَ	بِالْقَلَمِ	عَلَّمَ	الْاِنْسَانَ	مَا لَمْ	يَعْلَمْ
اور آپ کا رب	بڑا کریم	وہ جس نے	سکھایا	قلم سے	سکھایا	انسان	جو نہ	وہ جانتا تھا

اور آپ کا رب سب سے بڑا کریم ہے، جس نے قلم سے سکھایا، انسان کو سکھایا جو وہ نہ جانتا تھا۔

كَلَّاۤ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَيَطْغٰۤى ۙ﴿۶﴾ اَنْ رَّاٰهُ اسْتَغْنٰى ؕ﴿۷﴾ اِنَّ اِلٰى رَبِّكَ الرُّجْعٰى ؕ﴿۸﴾

كَلَّاۤ	اِنَّ	الْاِنْسَانَ	لَيَطْغٰۤى	اَنْ رَّاٰهُ	اسْتَغْنٰى	اِنَّ	اِلٰى	رَبِّكَ	الرُّجْعٰى
ہرگز نہیں	بیشک	انسان	سرکشی کرتا ہے	اگر اپنے تئیں دیکھے	بے پروا	بیشک	طرف	اپنا رب	لوٹنا ہے،

ہرگز نہیں، انسان اگر اپنے تئیں غنی (بے پروا) دیکھتا ہے تو سرکشی کرتا ہے۔ بے شک اپنے رب کی طرف لوٹنا ہے

اَرَءَيْتَ الَّذِيْ يَنْهٰى ۙ﴿۹﴾ عَبْدًا اِذَا صَلّٰى ؕ﴿۱۰﴾ اَرَءَيْتَ اِنْ كَانَ عَلَى الْهُدٰۤى ۙ﴿۱۱﴾

اَرَءَيْتَ	الَّذِيْ	يَنْهٰى	عَبْدًا	اِذَا	صَلّٰى	اَرَءَيْتَ	اِنْ	كَانَ	عَلَى	الْهُدٰۤى
کیا آپ نے دیکھا	وہ جو	روکتا ہے	ایک بندہ	جب	وہ نماز پڑھے	بھلا دیکھو	اگر	ہوتا	پر	ہدایت

کیا آپ نے اسے دیکھا جو روکتا ہے ایک بندہ کو جب وہ نماز پڑھے، بھلا دیکھو، اگر یہ ہدایت پر ہوتا،

اَوْ اَمَرَ بِالتَّقْوٰى ؕ﴿۱۲﴾ اَرَءَيْتَ اِنْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ؕ﴿۱۳﴾ اَلَمْ يَعْلَمْ بِاَنَّ اللّٰهَ يَرٰى ؕ﴿۱۴﴾

اَوْ اَمَرَ	بِالتَّقْوٰى	اَرَءَيْتَ	اِنْ	كَذَّبَ	وَتَوَلّٰى	اَلَمْ يَعْلَمْ	بِاَنَّ	اللّٰهَ	يَرٰى
یا حکم دیتا	پرہیزگاری کا	بھلا دیکھیں	اگر	اس نے جھٹلایا	اور منہ موڑا	کیا نہ جانا	کہ	اللہ	دیکھ رہا ہے

یا پرہیزگاری کا حکم دیتا۔ بھلا دیکھیں اگر اس نے جھٹلایا اور منہ موڑا، کیا اس نے نہ جانا کہ اللہ دیکھ رہا ہے؟

كَلَّا لَئِنْ لَّمْ يَنْتَهِ ۙ لَنَسْفَعًا بِالنَّاصِيَةِ ﴿۱۵﴾ نَاصِيَةٍ كَاذِبَةٍ خَاطِئَةٍ ﴿۱۶﴾ فَلْيَدْعُ

كَلَّا	لَئِنْ	لَّمْ يَنْتَهِ	لَنَسْفَعًا	بِالنَّاصِيَةِ	نَاصِيَةٍ	كَاذِبَةٍ	خَاطِئَةٍ	فَلْيَدْعُ
ہرگز نہیں	اگر	نہ باز آیا	ہم ضرور گھسیٹیں گے	پیشانی کے بالوں سے	پیشانی	جھوٹی	گنہگار	تو وہ بلالے

ہرگز نہیں، اگر باز نہ آیا تو پیشانی کے بالوں سے (پکڑ کر) ہم ضرور گھسیٹیں گے۔ کیسی پیشانی؟ جھوٹی، گنہگار۔ تو وہ بلالے

نَادِيَهُ ﴿۱۷﴾ سَنَدْعُ الزَّبَانِيَةَ ﴿۱۸﴾ كَلَّا ۖ لَا تُطِعْهُ وَاسْجُدْ وَاقْتَرِبْ ﴿۱۹﴾ السجدة

نَادِيَهُ	سَنَدْعُ	الزَّبَانِيَةَ	كَلَّا	لَا تُطِعْهُ	وَاسْجُدْ	وَاقْتَرِبْ
اپنی مجلس	ہم بلاتے ہیں	پیادے	نہیں نہیں	اس کی بات نہ مان	اور سجدہ کر تو	اور نزدیک ہو

اپنی مجلس (جتھے) کو، ہم بلاتے ہیں پیادوں کو، نہیں نہیں اس کی بات نہ مان، اور تو سجدہ کر، اور نزدیک ہو۔

ع ۱ ۱۹ ۲۱ — السجدة ۱۲

آیاتها ۵ | ۹۷ = سُوْرَةُ الْقَدْرِ مَكِّيَّةٌ = ۲۵ | رکوعها ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو بہت مہربان، رحم کرنے والا ہے

اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ ﴿۱﴾ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا لَيْلَةُ الْقَدْرِ ﴿۲﴾

اِنَّآ	اَنْزَلْنٰهُ	فِيْ	لَيْلَةِ الْقَدْرِ	وَمَا	اَدْرٰىكَ	مَا	لَيْلَةُ الْقَدْرِ
بیشک	ہم نے یہ اتارا	میں	لیلۃ القدر (عزت والی رات)	اور کیا	آپ نے سمجھا	کیا	لیلۃ القدر

بیشک ہم نے یہ (قرآن) اتارا لیلۃ القدر میں۔ اور آپ کیا سمجھے "لیلۃ القدر" کیا ہے؟

لَيْلَةُ الْقَدْرِ ۙ خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ ﴿۳﴾ تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوْحُ فِيْهَا

لَيْلَةُ الْقَدْرِ	خَيْرٌ	مِنْ	اَلْفِ شَهْرٍ	تَنَزَّلُ	الْمَلٰٓئِكَةُ	وَالرُّوْحُ	فِيْهَا
لیلۃ القدر	بہتر	سے	ہزار مہینے	اترتے ہیں	فرشتے	اور الروح	اس میں

"لیلۃ القدر" ہزار مہینوں سے بہتر ہے اس میں اترتے ہیں فرشتے اور الروح (روح الامین)

بِاِذْنِ رَبِّهِمْ ۚ مِنْ كُلِّ اَمْرٍ ﴿۴﴾ سَلٰمٌ ۛ هِيَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ ﴿۵﴾

بِاِذْنِ	رَبِّهِمْ	مِنْ	كُلِّ	اَمْرٍ	سَلٰمٌ	هِيَ	حَتّٰى	مَطْلَعِ الْفَجْرِ
حکم سے	ان کا رب	سے	ہر	کام	سلامتی	وہ	جب تک	طلوع ہونا	فجر (صبح)

اپنے رب کے حکم سے، ہر کام (کے انتظام کے لئے) طلوع فجر تک، یہ رات سلامتی (ہی سلامتی) ہے۔

ع ۱ ۵ ۲۲ — الثلاثة معانقة ۱۸

اٰیاتُھا ۸ | ۹۸ = سُوْرَۃُ الْبَیِّنَۃِ مَدَنِیَّۃٌ = ۱۰۰ | رُکُوْعُھَا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو بہت مہربان، رحم کرنے والا ہے

لَمْ يَكُنِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ وَالْمُشْرِكِيْنَ مُنْفَكِّيْنَ

لَمْ يَكُنِ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	مِنْ	اَهْلِ الْكِتٰبِ	وَالْمُشْرِكِيْنَ	مُنْفَكِّيْنَ
وہ نہ تھے	وہ جو	کفر کیا	سے	اہلِ کتاب	اور مشرک (جمع)	باز آنے والے

جن لوگوں نے کفر کیا اہلِ کتاب اور مشرکوں میں سے، باز آنے والے نہ تھے،

حَتّٰى تَاْتِيَهُمُ الْبَيِّنَةُ ۙ﴿۱﴾ رَسُوْلٌ مِّنَ اللّٰهِ يَتْلُوْا صُحُفًا مُّطَهَّرَةً ۙ﴿۲﴾ فِيْهَا

حَتّٰى	تَاْتِيَهُمُ	الْبَيِّنَةُ	رَسُوْلٌ	مِنَ اللّٰهِ	يَتْلُوْا	صُحُفًا	مُطَهَّرَةً	فِيْهَا
یہاں تک کہ	آئے انکے پاس	کھلی دلیل	رسول	اللہ سے	پڑھتا ہوا	صحیفے	پاکیزہ	اس میں

یہاں تک کہ اُن کے پاس کھلی دلیل آئے، اللہ کا رسول پاکیزہ صحیفے پڑھتا ہوا، اُس میں

كُتُبٌ قَيِّمَةٌ ؕ﴿۳﴾ وَمَا تَفَرَّقَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ

كُتُبٌ قَيِّمَةٌ	وَمَا	تَفَرَّقَ	الَّذِيْنَ + اُوْتُوا الْكِتٰبَ	اِلَّا	مِنْۢ بَعْدِ	مَا جَآءَتْهُمُ
لکھے ہوئے مضبوط	اور نہ	فرقہ فرقہ ہوئے	وہ جو کہ کتاب دیئے گئے (اہلِ کتاب)	مگر	اس کے بعد	جب انکے پاس آگئی

لکھے ہوئے مضبوط (احکام) ہوں۔ اور (اہلِ کتاب فرقہ فرقہ نہ ہوئے مگر اس کے بعد کہ ان کے پاس آگئی

الْبَيِّنَةُ ؕ﴿۴﴾ وَمَآ اُمِرُوْٓا اِلَّا لِيَعْبُدُوا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۙ۬﴿۵﴾

الْبَيِّنَةُ	وَمَا	اُمِرُوْا	اِلَّا	لِيَعْبُدُوا	اللّٰهَ	مُخْلِصِيْنَ	لَهُ	الدِّيْنَ
کھلی دلیل	اور نہ	حکم دیا گیا	مگر	یہ کہ عبادت کریں	اللہ	خاص کرتے ہوئے	اسکے لئے	دین

کھلی دلیل، اور انہیں صرف یہ حکم دیا گیا تھا کہ وہ اللہ کی عبادت کریں اس کے لئے خالص کرتے ہوئے دین (بندگی)

حُنَفَآءَ وَيُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوا الزَّكٰوةَ وَذٰلِكَ دِيْنُ الْقَيِّمَةِ ؕ﴿۵﴾

حُنَفَآءَ	وَيُقِيْمُوا	الصَّلٰوةَ	وَيُؤْتُوا	الزَّكٰوةَ	وَذٰلِكَ	دِيْنُ	الْقَيِّمَةِ
یک رُخ	اور قائم کریں	نماز	اور ادا کریں	زکوٰۃ	اور یہ	دین	نہایت مضبوط

یک رُخ ہو کر، اور نماز قائم کریں، اور زکوٰۃ ادا کریں، اور یہی مضبوط دین ہے۔

إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ أَهْلِ الْكِتٰبِ وَالْمُشْرِكِينَ فِي نَارِ جَهَنَّمَ

إِنَّ	الَّذِينَ كَفَرُوا	مِنْ	أَهْلِ الْكِتٰبِ	وَالْمُشْرِكِينَ	فِي	نَارِ	جَهَنَّمَ
بیشک	جن لوگوں نے کفر کیا	سے	اہل کتاب	اور مشرکین	میں	آگ	جہنم

بیشک جن لوگوں نے کفر کیا ، اہلِ کتاب اور مشرکوں میں سے ، وہ جہنم کی آگ میں

خٰلِدِينَ فِيهَا ؕ أُولٰٓئِكَ هُمْ شَرُّ الْبَرِيَّةِ ۝٦ إِنَّ الَّذِينَ اٰمَنُوا وَعَمِلُوا

خٰلِدِينَ	فِيهَا	أُولٰٓئِكَ	هُمْ	شَرُّ	الْبَرِيَّةِ	إِنَّ	الَّذِينَ اٰمَنُوا	وَعَمِلُوا
ہمیشہ رہیں گے	اس میں	یہی لوگ	وہ	بدترین	مخلوق	بیشک	جو لوگ ایمان لائے	اور انہوں نے عمل کئے

ہمیشہ رہیں گے ، یہی لوگ بدترین مخلوق ہیں - بیشک جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے عمل کئے

الصّٰلِحٰتِ ۙ أُولٰٓئِكَ هُمْ خَيْرُ الْبَرِيَّةِ ۝٧ جَزَآؤُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتُ عَدْنٍ

الصّٰلِحٰتِ	أُولٰٓئِكَ	هُمْ	خَيْرُ	الْبَرِيَّةِ	جَزَآؤُهُمْ	عِنْدَ	رَبِّهِمْ	جَنّٰتُ	عَدْنٍ
نیک	یہی لوگ	وہ	بہتر	مخلوق	ان کی جزا	پاس	ان کا رب	باغ	ہمیشہ رہنے والے

نیک ، یہی لوگ بہترین مخلوق ہیں - ان کی جزا ان کے رب کے پاس ہمیشہ رہنے والے باغات ہیں ،

تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهٰرُ خٰلِدِينَ فِيهَآ أَبَدًا ؕ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ

تَجْرِي	مِنْ تَحْتِهَا	الْأَنْهٰرُ	خٰلِدِينَ	فِيهَا	أَبَدًا	رَضِيَ	اللّٰهُ	عَنْهُمْ
بہتی ہیں	ان کے نیچے سے	نہریں	ہمیشہ رہیں گے	اس میں	ہمیشہ ہمیشہ	راضی ہوا	اللہ	اُن سے

ان کے نیچے نہریں بہتی ہیں ، وہ ان میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے ، اللہ اُن سے راضی ہوا

وَرَضُوا عَنْهُ ؕ ذٰلِكَ لِمَنْ خَشِيَ رَبَّهُ ۝٨ ع

وَرَضُوا	عَنْهُ	ذٰلِكَ	لِمَنْ	خَشِيَ	رَبَّهُ
اور وہ راضی	اس سے	یہ	اس کے لئے جو	ڈرے	اپنا رب

اور وہ اللہ سے راضی ہوئے ، یہ اس کے لئے ہے جو اپنے رب سے ڈرے -

اٰيَاتُهَا ٨ | ٩٩ = سُورَةُ الزِّلْزَالِ مَدَنِيَّةٌ = ٩٣ | رُكُوعُهَا ١

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے جو بہت مہربان ، رحم کرنے والا ہے

إِذَا زُلْزِلَتِ الْأَرْضُ زِلْزَالَهَا ﴿۱﴾ وَأَخْرَجَتِ الْأَرْضُ أَثْقَالَهَا ﴿۲﴾ وَقَالَ

إِذَا	زُلْزِلَتِ	الْأَرْضُ	زِلْزَالَهَا	وَأَخْرَجَتِ	الْأَرْضُ	أَثْقَالَهَا	وَقَالَ
جب	ہلا ڈالی جائے	زمین	اس کا زلزلہ	اور باہر نکال ڈالے	زمین	اپنے بوجھ	اور کہے گا

جب زمین زلزلہ سے ہلا ڈالی جائے گی، اور اپنے بوجھ باہر نکال ڈالے گی، اور کہے گا

الْإِنْسَانُ مَا لَهَا ﴿۳﴾ يَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ أَخْبَارَهَا ﴿۴﴾ بِأَنَّ رَبَّكَ أَوْحَىٰ لَهَا ﴿۵﴾

الْإِنْسَانُ	مَا لَهَا	يَوْمَئِذٍ	تُحَدِّثُ	أَخْبَارَهَا	بِأَنَّ	رَبَّكَ	أَوْحَىٰ	لَهَا
انسان	اسے کیا ہو گیا؟	اُس دن	بیان کرے گی	اپنی خبریں (حالات)	کیونکہ	تیرا رب	حکم بھیجا	اس کو

انسان اس کو کیا ہو گیا؟ اس دن وہ اپنے حالات بیان کرے گی، کیونکہ تیرے رب نے اسے حکم بھیجا ہو گا۔

يَوْمَئِذٍ يَصْدُرُ النَّاسُ أَشْتَاتًا لِيُرَوْا أَعْمَالَهُمْ ﴿۶﴾ فَمَنْ يَعْمَلْ مِثْقَالَ

يَوْمَئِذٍ	يَصْدُرُ	النَّاسُ	أَشْتَاتًا	لِيُرَوْا	أَعْمَالَهُمْ	فَمَنْ	يَعْمَلْ	مِثْقَالَ
اُس دن	باہر نکلیں گے	لوگ	گروہ در گروہ	تاکہ دکھائے	اُن کے عمل (جمع)	پس جس	کی ہو گی	برابر

اُس دن لوگ گروہ در گروہ باہر نکلیں گے تاکہ وہ ان کے عمل ان کو دکھا دے پس جس نے کی ہو گی

ذَرَّةٍ خَيْرًا يَرَهُ ﴿۷﴾ وَمَنْ يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَرَهُ ﴿۸﴾

ذَرَّةٍ	خَيْرًا	يَرَهُ	وَمَنْ	يَعْمَلْ	مِثْقَالَ	ذَرَّةٍ	شَرًّا	يَرَهُ
ایک ذرّہ	نیکی	اسکو دیکھے گا	اور جس	کی ہو گی	برابر	ایک ذرّہ	بُرائی	اس کو دیکھے گا

ایک ذرّہ برابر نیکی، وہ اسے دیکھ لے گا۔ اور جس نے کی ہو گی ایک ذرّہ برابر بُرائی وہ اسے دیکھ لے گا۔

ع ۱ ۸ ۲۴

سُورَةُ الْعٰدِيٰتِ مَكِّيَّةٌ = ۱۰۰ = ۱۴

آیاتُها ۱۱ | رکوعُها ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان، رحم کرنے والا ہے

وَالْعٰدِيٰتِ ضَبْحًا ﴿۱﴾ فَالْمُورِيٰتِ قَدْحًا ﴿۲﴾ فَالْمُغِيرٰتِ صُبْحًا ﴿۳﴾

وَالْعٰدِيٰتِ	ضَبْحًا	فَالْمُورِيٰتِ	قَدْحًا	فَالْمُغِيرٰتِ	صُبْحًا
قسم ہے دوڑنے والے گھوڑوں کی	ہانپنے والے	چنگاریاں اڑانے والے	سُم جھاڑ کر	غارت گری کرنے والے	صبح کو

قسم ہے دوڑنے والے، ہانپتے ہوئے گھوڑوں کی (سُم) جھاڑ کر چنگاریاں اڑانے والوں کی صبح کے وقت (شبخون مار کر) غارتگری کرنے والوں کی،

فَاَثَرْنَ بِهٖ نَقْعًا ۙ﴿۴﴾ فَوَسَطْنَ بِهٖ جَمْعًا ۙ﴿۵﴾ اِنَّ الْاِنْسَانَ

فَاَثَرْنَ	بِهٖ	نَقْعًا	فَوَسَطْنَ	بِهٖ	جَمْعًا	اِنَّ	الْاِنْسَانَ
پھر اڑائیں	اس سے	گرد اڑاتے	پھر جا گھسیں	اس وقت	جماعت (فوج)	بیشک	انسان

غارت گری کرنے والوں کی، گرد اڑاتے ہوئے پھر اس وقت فوج میں گھس جانے والے ، بے شک انسان

لِرَبِّهٖ لَكَنُوْدٌ ۚ﴿۶﴾ وَاِنَّهٗ عَلٰى ذٰلِكَ لَشَهِيْدٌ ۚ﴿۷﴾ وَاِنَّهٗ لِحُبِّ

لِرَبِّهٖ	لَكَنُوْدٌ	وَ	اِنَّهٗ	عَلٰى	ذٰلِكَ	لَشَهِيْدٌ	وَاِنَّهٗ	لِحُبِّ
اپنے رب کا	ناشکرا	اور	بیشک وہ	پر	اس	گواہ	اور بیشک وہ	محبت میں

اپنے رب کا ناشکرا ہے۔ اور بے شک وہ اس پر گواہ ہے۔ اور بیشک وہ

الْخَيْرِ لَشَدِيْدٌ ۭ﴿۸﴾ اَفَلَا يَعْلَمُ اِذَا بُعْثِرَ مَا فِي الْقُبُوْرِ ۙ﴿۹﴾

الْخَيْرِ	لَشَدِيْدٌ	اَفَلَا	يَعْلَمُ	اِذَا	بُعْثِرَ	مَا	فِي	الْقُبُوْرِ
مال و دولت	البتہ سخت	پس کیا نہیں	وہ جانتا	جب	اٹھائے جائینگے	جو	میں	قبروں

مال کی محبت میں سخت ہے۔ کیا وہ نہیں جانتا جب اُٹھائے جائیں گے (مُردے) جو قبروں میں ہیں ؟

وَحُصِّلَ مَا فِي الصُّدُوْرِ ۙ﴿۱۰﴾ اِنَّ رَبَّهُمْ بِهِمْ يَوْمَىِٕذٍ لَّخَبِيْرٌ ﴿۱۱﴾ ع ۱ ۱۱ ۲۵

وَحُصِّلَ	مَا	فِي	الصُّدُوْرِ	اِنَّ	رَبَّهُمْ	بِهِمْ	يَوْمَىِٕذٍ	لَّخَبِيْرٌ
اور سامنے آجائے گا	جو	میں	سینے (دل)	بیشک	ان کا رب	ان سے	اس دن	خوب باخبر

اور وہ سامنے آجائے گا جو سینوں میں ہے۔ بیشک ان کا رب اُس دن اِن سے خوب باخبر ہے۔

اٰیاتُھا ١١ | ١٠١ = سُوْرَةُ الْقَارِعَةِ مَكِّيَّةٌ = ٣٠ | رُكُوْعُھا ١

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان، رحم کرنے والا ہے

اَلْقَارِعَةُ ۙ﴿۱﴾ مَا الْقَارِعَةُ ۚ﴿۲﴾ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الْقَارِعَةُ ۭ﴿۳﴾ يَوْمَ يَكُوْنُ

اَلْقَارِعَةُ	مَا الْقَارِعَةُ	وَمَا	اَدْرٰىكَ	مَا الْقَارِعَةُ	يَوْمَ	يَكُوْنُ
کھڑکھڑانے والی	کیا ہے کھڑکھڑانے والی	اور کیا	تم سمجھے	کیا ہے کھڑکھڑانے والی	جس دن	ہوں گے

کھڑکھڑانے والی، کیا ہے کھڑکھڑانے والی؟ اور تم کیا سمجھے کیا ہے کھڑکھڑانے والی؟ جس دن ہوں گے

النَّاسُ كَالْفَرَاشِ الْمَبْثُوْثِ ۙ﴿۴﴾ وَتَكُوْنُ الْجِبَالُ كَالْعِهْنِ الْمَنْفُوْشِ ﴿۵﴾

النَّاسُ	كَالْفَرَاشِ	الْمَبْثُوْثِ	وَتَكُوْنُ	الْجِبَالُ	كَالْعِهْنِ	الْمَنْفُوْشِ
لوگ	پروانوں کی طرح	بکھرے ہوئے	اور ہوں گے	پہاڑ	رنگین اُون کی مانند	دُھنکی ہوئی

لوگ پروانوں کی طرح بکھرے ہوئے، اور پہاڑ ہوں گے دُھنکی ہوئی رنگین اُون کی طرح۔

فَاَمَّا مَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ ۙ﴿۶﴾ فَهُوَ فِيْ عِيْشَةٍ رَّاضِيَةٍ ﴿۷﴾ وَاَمَّا مَنْ

فَاَمَّا	مَنْ	ثَقُلَتْ	مَوَازِيْنُهٗ	فَهُوَ	فِيْ	عِيْشَةٍ	رَّاضِيَةٍ	وَاَمَّا	مَنْ
پس جو	جو	بھاری ہوئے	اس کے وزن	سو وہ	میں	عیش و آرام	پسندیدہ	اور جو	جو

پس جس کے وزن (نیک وزن) بھاری ہوئے سو وہ پسندیدہ آرام میں ہوگا، اور جس کے

خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ ۙ﴿۸﴾ فَاُمُّهٗ هَاوِيَةٌ ﴿۹﴾ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا هِيَهْ ﴿۱۰﴾

خَفَّتْ	مَوَازِيْنُهٗ	فَاُمُّهٗ	هَاوِيَةٌ	وَمَآ اَدْرٰىكَ	مَا هِيَهْ
ہلکے ہوئے	ان کے وزن	تو اس کا ٹھکانہ	"ھاویہ"	اور تم کیا سمجھے	کیا ہے وہ؟

وزن ہلکے ہوئے تو اس کا ٹھکانہ "ھاویہ" ہوگا اور تم کیا سمجھے وہ کیا ہے؟

نَارٌ حَامِيَةٌ ﴿۱۱﴾

نَارٌ	حَامِيَةٌ
آگ	دہکتی ہوئی

وہ آگ ہے دہکتی ہوئی۔

ع ۱ ۱ ۱ ۲۶

۱۰۲ = سُوْرَةُ التَّكَاثُرِ مَكِّيَّةٌ = ۱۶

اٰيَاتُهَا ۸ | رُكُوْعُهَا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان، رحم کرنے والا ہے

اَلْهٰىكُمُ التَّكَاثُرُ ۙ﴿۱﴾ حَتّٰى زُرْتُمُ الْمَقَابِرَ ﴿۲﴾ كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿۳﴾

اَلْهٰىكُمُ	التَّكَاثُرُ	حَتّٰى	زُرْتُمُ	الْمَقَابِرَ	كَلَّا	سَوْفَ	تَعْلَمُوْنَ
تمہیں غفلت میں رکھا	کثرت کی خواہش	یہاں تک کہ	تم نے زیارت کی	قبریں	ہرگز نہیں	عنقریب	تم جان لو گے

تمہیں حصولِ کثرت کی خواہش نے غفلت میں رکھا، یہاں تک کہ تم نے قبروں کی زیارت کر لی (دیکھ لیں) ہرگز نہیں، تم عنقریب جان لو گے

ثُمَّ كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۝٤ كَلَّا لَوْ تَعْلَمُوْنَ عِلْمَ الْيَقِيْنِ ۝٥ لَتَرَوُنَّ

ثُمَّ	كَلَّا	سَوْفَ	تَعْلَمُوْنَ	كَلَّا	لَوْ تَعْلَمُوْنَ	عِلْمَ الْيَقِيْنِ	لَتَرَوُنَّ
پھر	ہرگز نہیں	جلد	تم جان لوگے	ہرگز نہیں	کاش تم جانتے	علمِ یقین	تم ضرور دیکھوگے

پھر ہرگز نہیں، تم جلد جان لوگے۔ ہرگز نہیں، کاش تم علمِ یقین سے جان لیتے۔ تم ضرور دیکھوگے

الْجَحِيْمَ ۝٦ ثُمَّ لَتَرَوُنَّهَا عَيْنَ الْيَقِيْنِ ۝٧ ثُمَّ لَتُسْـَٔلُنَّ يَوْمَئِذٍ

الْجَحِيْمَ	ثُمَّ	لَتَرَوُنَّهَا	عَيْنَ الْيَقِيْنِ	ثُمَّ	لَتُسْـَٔلُنَّ	يَوْمَئِذٍ
جہنم	پھر	ضرور اسے دیکھوگے	یقین کی آنکھ	پھر	تم ضرور پوچھے جاؤگے	اس دن

جہنم کو۔ پھر تم اسے ضرور یقین کی آنکھ سے دیکھوگے۔ پھر تم اس دن ضرور پوچھے جاؤگے (باز پُرس ہوگی)

عَنِ النَّعِيْمِ ۝٨

	عَنِ	النَّعِيْمِ
	سے (بابت)	نعمتیں

نعمتوں کی بابت۔

اٰيَاتُهَا ۳ | ۱۰۳ = سُوْرَةُ الْعَصْرِ مَكِّيَّةٌ = ۱۳ | رُكُوْعُهَا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو بہت مہربان، رحم والا ہے

وَالْعَصْرِ ۝١ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِيْ خُسْرٍ ۝٢ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

وَالْعَصْرِ	اِنَّ	الْاِنْسَانَ	لَفِيْ	خُسْرٍ	اِلَّا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	وَ	عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ
قسم زمانہ کی	بیشک	انسان	میں	خسارہ	سوائے	جو لوگ ایمان لائے	اور	انہوں نے عمل کئے نیک

زمانہ کی قسم، بیشک انسان خسارے میں ہے سوائے اُن لوگوں کے جو ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے

وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ ۙ وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ ۝٣

وَتَوَاصَوْا	بِالْحَقِّ	وَتَوَاصَوْا	بِالصَّبْرِ
اور انہوں نے ایک دوسرے کو وصیّت کی	حق کی	اور وصیّت کی	صبر کی

اور انہوں نے ایک دوسرے کو حق کی وصیّت کی اور صبر کی وصیّت (تلقین) کی۔

اٰیاتُھا ۹ | ۱۰۴ = سُوْرَةُ الْھُمَزَةِ مَكِّيَّةٌ = ۳۲ | رُكُوْعُھَا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو بہت مہربان، رحم کرنے والا ہے

وَيْلٌ لِّكُلِّ هُمَزَةٍ لُّمَزَةِ ۝١ ۙ الَّذِيْ جَمَعَ مَالًا وَّعَدَّدَهٗ ۝٢ ۙ يَحْسَبُ اَنَّ

وَيْلٌ	لِّكُلِّ	هُمَزَةٍ	لُّمَزَةِ	الَّذِيْ	جَمَعَ	مَالًا	وَعَدَّدَهٗ	يَحْسَبُ	اَنَّ
خرابی	واسطے ہر	طعنہ زن	عیب جُو	جس-جو	جمع کیا	مال	اسے گن گن کر رکھا	وہ گمان کرتا ہے	کہ

خرابی ہے ہر طعنہ زن، عیب جُو کے لئے، جس نے مال جمع کیا اور اسے گن گن کر رکھا، وہ گمان کرتا ہے کہ

مَالَهٗٓ اَخْلَدَهٗ ۝٣ ۚ كَلَّا لَيُنْۢبَذَنَّ فِي الْحُطَمَةِ ۝٤ ۖ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الْحُطَمَةُ ۝٥ ؕ

مَالَهٗ	اَخْلَدَهٗ	كَلَّا	لَيُنْۢبَذَنَّ	فِي	الْحُطَمَةِ	وَمَا	اَدْرٰىكَ	مَا الْحُطَمَةُ
اس کا مال	اسے ہمیشہ رکھے گا	ہرگز نہیں	ضرور ڈالا جائے گا	میں	"حطمہ"	اور کیا	تم سمجھے	"حطمہ" کیا ہے؟

اس کا مال اسے ہمیشہ رکھے گا، ہرگز نہیں، وہ ضرور "حطمہ" میں ڈالا جائے گا۔ اور تم کیا سمجھے "حطمہ" کیا ہے؟

نَارُ اللّٰهِ الْمُوْقَدَةُ ۝٦ ۙ الَّتِيْ تَطَّلِعُ عَلَى الْاَفْـِٕدَةِ ۝٧ ؕ اِنَّهَا عَلَيْهِمْ مُّؤْصَدَةٌ ۝٨ ۙ

نَارُ اللّٰهِ	الْمُوْقَدَةُ	الَّتِيْ	تَطَّلِعُ	عَلَى	الْاَفْـِٕدَةِ	اِنَّهَا	عَلَيْهِمْ	مُّؤْصَدَةٌ
اللہ کی آگ	بھڑکائی ہوئی	جو کہ	جا پہنچے وہ	پر	دل (جمع)	بیشک وہ	اُن پر	بند کی ہوئی

اللہ کی آگ بھڑکائی ہوئی، جو دلوں تک جا پہنچے گی - وہ اُن پر بند کی ہوئی ہے

فِيْ عَمَدٍ مُّمَدَّدَةٍ ۝٩ ع

فِيْ	عَمَدٍ	مُّمَدَّدَةٍ
میں	ستون	لمبے لمبے

لمبے لمبے ستونوں میں

ع ۱ ۹ ۲۹

اٰیاتُھا ۵ | ۱۰۵ = سُوْرَةُ الْفِيْلِ مَكِّيَّةٌ = ۱۹ | رُكُوْعُھَا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان، رحم کرنے والا ہے

اَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِاَصْحٰبِ الْفِيْلِ ۝١ اَلَمْ يَجْعَلْ كَيْدَهُمْ

اَلَمْ تَرَ	كَيْفَ	فَعَلَ	رَبُّكَ	بِاَصْحٰبِ الْفِيْلِ	اَلَمْ	يَجْعَلْ	كَيْدَهُمْ
کیا تم نے نہیں دیکھا	کیسا	کیا	تمہارا رب	ہاتھی والوں کے ساتھ	کیا نہیں	کر دیا اس نے	اُن کا داؤ

کیا آپ نے نہیں دیکھا آپ کے رب نے کیا سلوک کیا ہاتھی والوں سے؟ کیا اس نے اُن کا داؤ نہیں کر دیا

فِيْ تَضْلِيْلٍ ۝٢ وَّاَرْسَلَ عَلَيْهِمْ طَيْرًا اَبَابِيْلَ ۝٣ تَرْمِيْهِمْ بِحِجَارَةٍ

فِيْ تَضْلِيْلٍ	وَّاَرْسَلَ	عَلَيْهِمْ	طَيْرًا	اَبَابِيْلَ	تَرْمِيْهِمْ	بِحِجَارَةٍ
گمراہی میں (بیکار)	اور بھیجے	اُن پر	پرندے	جُھنڈ کے جُھنڈ	پھینکتے تھے	کنکریاں

گمراہی میں (بے کار)؟ اور ان پر جُھنڈ کے جُھنڈ پرندے۔ بھیجے وہ ان پر کنکریاں پھینکتے تھے

مِّنْ سِجِّيْلٍ ۝٤ فَجَعَلَهُمْ كَعَصْفٍ مَّاْكُوْلٍ ۝٥

مِنْ	سِجِّيْلٍ	فَجَعَلَهُمْ	كَعَصْفٍ	مَّاْكُوْلٍ
سے	سنگِ گل	پس ان کو کر دیا	بھوسہ کی طرح	کھائے ہوئے

سنگِ گل کی - پس ان کو کھائے ہوئے بھوسے کے مانند کر دیا-

اٰیاتُھا ۴ | سُوْرَةُ قُرَيْشٍ مَّكِّيَّةٌ = ۱۰۶ = ۲۹ | رُكُوْعُھا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو بہت مہربان، رحم کرنے والا ہے

لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ ۝١ اٖلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّيْفِ ۝٢ فَلْيَعْبُدُوْا رَبَّ

لِاِيْلٰفِ	قُرَيْشٍ	اٖلٰفِهِمْ	رِحْلَةَ	الشِّتَآءِ	وَالصَّيْفِ	فَلْيَعْبُدُوْا	رَبَّ
مانوس کرنے کے سبب	قریش	ان کا مانوس کرنا	سفر	سردی	اور گرمی	پس چاہیئے وہ عبادت کریں	رب

قریش کو مانوس کرنے کے سبب، انہیں سردی گرمی کے سفر سے مانوس کرنے کے سبب، پس چاہیئے کہ وہ عبادت کریں

هٰذَا الْبَيْتِ ۝١ الَّذِيْٓ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ ۙ وَّاٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ ۝٤

هٰذَا	الْبَيْتِ	الَّذِيْ	اَطْعَمَهُمْ	مِنْ	جُوْعٍ	وَّاٰمَنَهُمْ	مِنْ	خَوْفٍ
اس	گھر	جو - جس	انہیں کھانا دیا	سے	بھوک	اور انہیں امن دیا	سے - بیں	خوف

اس گھر کے رب کی، جس نے انہیں کھانا دیا بھوک میں، اور امن دیا خوف میں -

اٰیَاتُهَا ۷ | ۱۰۷ = سُوْرَةُ الْمَاعُوْنِ مَكِّيَّةٌ = ۱۷ | رُكُوْعُهَا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان، رحم کرنے والا ہے

اَرَءَيْتَ الَّذِيْ يُكَذِّبُ بِالدِّيْنِ ؕ﴿۱﴾ فَذٰلِكَ الَّذِيْ يَدُعُّ الْيَتِيْمَ ۙ﴿۲﴾ وَلَا

اَرَءَيْتَ	الَّذِيْ	يُكَذِّبُ	بِالدِّيْنِ	فَذٰلِكَ	الَّذِيْ	يَدُعُّ	الْيَتِيْمَ	وَلَا
کیا تم نے دیکھا	وہ جو	جھٹلاتا ہے	روزِ جزا و سزا	یہی ہے وہ	وہ جو	دھکّے دیتا ہے	یتیم	اور نہیں

کیا تم نے اس شخص کو دیکھا جو روزِ جزا و سزا کو جھٹلاتا ہے؟ یہی ہے جو یتیم کو دھکّے دیتا ہے، اور نہیں

يَحُضُّ عَلٰى طَعَامِ الْمِسْكِيْنِ ؕ﴿۳﴾ فَوَيْلٌ لِّلْمُصَلِّيْنَ ۙ﴿۴﴾ الَّذِيْنَ هُمْ عَنْ

يَحُضُّ	عَلٰى	طَعَامِ	الْمِسْكِيْنِ	فَوَيْلٌ	لِلْمُصَلِّيْنَ	الَّذِيْنَ	هُمْ	عَنْ
رغبت دلاتا	پر	کھانا	مسکین	پس خرابی	نمازیوں کے لئے	جو کہ	وہ	سے

رغبت دلاتا مسکین کو کھانا کھلانے کی۔ پس خرابی ہے ان نمازیوں کے لئے، جو

صَلَاتِهِمْ سَاهُوْنَ ۙ﴿۵﴾ الَّذِيْنَ هُمْ يُرَآءُوْنَ ۙ﴿۶﴾ وَيَمْنَعُوْنَ الْمَاعُوْنَ ﴿۷﴾ ع ۱ ع ۷ ۳۲

صَلَاتِهِمْ	سَاهُوْنَ	الَّذِيْنَ	هُمْ	يُرَآءُوْنَ	وَيَمْنَعُوْنَ	الْمَاعُوْنَ
اپنی نماز	غافل (جمع)	جو کہ	وہ	دکھاوا کرتے ہیں	روکتے ہیں (نہیں دیتے)	عام ضرورت کی چیز

اپنی نمازوں سے غافل ہیں، جو دکھاوا کرتے ہیں، اور عام ضرورت کی چیز (بھی مانگی) نہیں دیتے۔

اٰیَاتُهَا ۳ | ۱۰۸ = سُوْرَةُ الْكَوْثَرِ مَكِّيَّةٌ = ۱۵ | رُكُوْعُهَا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان، رحم کرنے والا ہے

اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ ؕ﴿۱﴾ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ؕ﴿۲﴾ اِنَّ

اِنَّا	اَعْطَيْنٰكَ	الْكَوْثَرَ	فَصَلِّ	لِرَبِّكَ	وَانْحَرْ	اِنَّ
بیشک ہم	ہم نے آپؐ کو عطا کیا	کوثر	پس نماز پڑھ	اپنے رب کے لئے	اور قربانی دے	بیشک

بیشک ہم نے آپؐ کو "کوثر" عطا کیا، پس اپنے رب کے لئے نماز پڑھیں اور قربانی دیں، بیشک

ع ۱ ۳ ۳۳

شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ ۝٣

شَانِئَكَ	هُوَ	الْاَبْتَرُ
آپؐ کا دشمن	وہ	دُم کٹا۔ نامراد۔ بے نسل

آپؐ کا دشمن ہی نامراد ہے۔

اٰیاتُھا ۶ | ۱۰۹ = سُوْرَةُ الْكٰفِرُوْنَ مَكِّيَّةٌ = ۱۸ | رُکُوْعُھا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو بہت مہربان، رحم کرنے والا ہے

قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۝١ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۝٢ وَلَآ اَنْتُمْ

قُلْ	يٰٓاَيُّهَا	الْكٰفِرُوْنَ	لَآ اَعْبُدُ	مَا تَعْبُدُوْنَ	وَلَآ	اَنْتُمْ
کہدیجئے	اے	کافرو	میں عبادت نہیں کرتا	جس کی تم عبادت کرتے ہو	اور نہ	تم

کہدیجئے۔ اے کافرو! میں عبادت نہیں کرتا جس کی تم پوجا کرتے ہو، اور نہ تم

ع ۱ ۶ ۳۴

عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝٣ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۝٤ وَلَآ اَنْتُمْ

عٰبِدُوْنَ	مَآ اَعْبُدُ	وَلَآ	اَنَا عَابِدٌ	مَّا عَبَدْتُّمْ	وَلَآ اَنْتُمْ
عبادت کرنے والے	جسکی میں عبادت کرتا ہوں	اور نہ	میں عبادت کرنے والا	جسکی تم عبادت کرتے ہو	اور نہ تم

عبادت کرنے والے ہو اس کی جس کی میں عبادت کرتا ہوں، اور نہ میں عبادت کرنے والا ہوں جسکی تم پوجا کرتے ہو

عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝٥ لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ۝٦

عٰبِدُوْنَ	مَآ اَعْبُدُ	لَكُمْ	دِيْنُكُمْ	وَلِيَ	دِيْنِ
عبادت کرنے والے	جسکی میں عبادت کرتا ہوں	تمہارے لئے	تمہارا دین	اور میرے لئے	میرا دین

اور نہ تم عبادت کرنے والے ہو جس کی میں عبادت کرتا ہوں، تمہارے لئے تمہارا دین میرے لئے میرا دین۔

اٰیاتُھا ۳ | ۱۱۰ = سُوْرَةُ النَّصْرِ مَدَنِيَّةٌ = ۱۱۴ | رُکُوْعُھا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان، رحم کرنے والا ہے

اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَ الْفَتْحُ ۙ﴿۱﴾ وَ رَاَيْتَ النَّاسَ يَدْخُلُوْنَ

اِذَا	جَآءَ	نَصْرُ اللّٰهِ	وَ	الْفَتْحُ	وَرَاَيْتَ	النَّاسَ	يَدْخُلُوْنَ
جب	آجائے	اللہ کی مدد	اور	فتح	اور آپؐ دیکھیں	لوگ	داخل ہو رہے ہیں

جب اللہ کی مدد آجائے اور فتح (ہو جائے) اور آپؐ دیکھیں لوگ داخل ہو رہے ہیں

فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ اَفْوَاجًا ۙ﴿۲﴾ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَ اسْتَغْفِرْهُ ؕ

فِيْ	دِيْنِ اللّٰهِ	اَفْوَاجًا	فَسَبِّحْ	بِحَمْدِ	رَبِّكَ	وَاسْتَغْفِرْهُ
میں	اللہ کا دین	فوج در فوج	پس پاکی بیان کریں	تعریف کے ساتھ	اپنا رب	اور بخشش طلب کیجئے اس سے

اللہ کے دین میں فوج در فوج، پس اپنے رب کی تعریف کے ساتھ پاکی بیان کریں اور اس سے بخشش طلب کریں،

اِنَّهٗ كَانَ تَوَّابًا ﴿۳﴾ ع

اِنَّهٗ	كَانَ	تَوَّابًا
بیشک وہ	ہے	بڑا توبہ قبول کرنے والا

بیشک وہ بڑا توبہ قبول کرنے والا ہے۔

وقف النبی علیہ السلام

۱ ع ۳ ۳۵

اٰيَاتُهَا ۵ — ۱۱۱ = سُوْرَةُ اللَّهَبِ مَكِّيَّةٌ = ۶ — رُكُوْعُهَا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان، رحم کرنے والا ہے

تَبَّتْ يَدَآ اَبِيْ لَهَبٍ وَّتَبَّ ؕ﴿۱﴾ مَآ اَغْنٰى عَنْهُ مَالُهٗ وَمَا

تَبَّتْ	يَدَا	اَبِيْ لَهَبٍ	وَتَبَّ	مَا	اَغْنٰى	عَنْهُ	مَالُهٗ	وَمَا
ٹوٹ گئے	دونوں ہاتھ	ابو لہب	اور وہ ہلاک ہوا	نہ	کام آیا	اس کے	اس کا مال	اور جو

ابو لہب کے دونوں ہاتھ ٹوٹ گئے اور وہ ہلاک ہوا۔ اس کے کام نہ آیا اس کا مال اور جو

كَسَبَ ؕ﴿۲﴾ سَيَصْلٰى نَارًا ذَاتَ لَهَبٍ ۚ﴿۳﴾ وَّامْرَاَتُهٗ ؕ حَمَّالَةَ

كَسَبَ	سَيَصْلٰى	نَارًا	ذَاتَ لَهَبٍ	وَامْرَاَتُهٗ	حَمَّالَةَ
اس نے کمایا	عنقریب داخل ہوگا	آگ	شعلے مارتی	اور اس کی بیوی	لادنے والی

اس نے کمایا۔ عنقریب وہ داخل ہوگا شعلے مارتی ہوئی آگ میں، اور اس کی بیوی لادنے والی

أَلْحَطَبِ ۝٤ فِي جِيدِهَا حَبْلٌ مِّن مَّسَدٍ ۝٥

الْحَطَبِ	فِيْ	جِيْدِهَا	حَبْلٌ	مِنْ	مَسَدٍ
لکڑی (ایندھن)	میں	اس کی گردن	رسی	سے	کھجور

ایندھن ، اس کی گردن میں کھجور کی چھال کی رسی ہے -

اٰیاتُھا ۴ | ۱۱۲ = سُوْرَةُ الْاِخْلَاصِ مَكِّيَّةٌ = ۲۲ | رُکُوْعُھا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان، رحم کرنے والا ہے

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝١ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝٢ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝٣

قُلْ	هُوَ	اللّٰهُ	اَحَدٌ	اَللّٰهُ	الصَّمَدُ	لَمْ يَلِدْ	وَ لَمْ يُوْلَدْ
کہدیجئے	وہ	اللہ	ایک	اللہ	بے نیاز	نہ اس نے جنا	اور نہ وہ جنا گیا

کہدیجئے وہ اللہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ اس نے (کسی کو) جنا اور نہ (کسی نے) اس کو جنا ،

وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝٤

وَلَمْ	يَكُنْ	لَّهٗ	كُفُوًا	اَحَدٌ
اور نہیں	ہے	اس کا	ہمسر	کوئی

اور اس کا کوئی ہمسر نہیں -

اٰیاتُھا ۵ | ۱۱۳ = سُوْرَةُ الْفَلَقِ مَكِّيَّةٌ = ۲۰ | رُکُوْعُھا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان ، رحم کرنے والا ہے

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝١ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝٢ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ

قُلْ	اَعُوْذُ	بِرَبِّ	الْفَلَقِ	مِنْ	شَرِّ	مَا خَلَقَ	وَمِنْ	شَرِّ	غَاسِقٍ
کہدیجئے	میں پناہ میں آتا ہوں	رب کی	صبح	سے	شر	جو اس نے پیدا کیا	اور سے	شر	اندھیرا

کہدیجئے ، میں پناہ میں آتا ہوں صبح کے رب کی ، اس کے شر سے جو اس نے پیدا کیا اور اندھیرے کے شر سے ،

إِذَا وَقَبَ ۙ﴿٣﴾ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ۙ﴿٤﴾ وَمِنْ شَرِّ

إِذَا	وَقَبَ	وَ	مِنْ	شَرِّ	النَّفّٰثٰتِ	فِي	الْعُقَدِ	وَ	مِنْ شَرِّ
جب	چھا جائے	اور	سے	شر	پھونکیں مارنے والیاں	میں	گرہیں	اور	شر سے

جب وہ چھا جائے، اور گرہوں میں پھونکیں مارنے والیوں کے شر سے، اور شر سے

١ ع ٥ ٣٨

حَاسِدٍ إِذَا حَسَدَ ﴿٥﴾ ع

حَاسِدٍ	إِذَا	حَسَدَ
حسد کرنے والا	جب	وہ حسد کرے

حسد کرنے والے کے جب وہ حسد کرے۔

آیاتها ٦ | ١١٤ = سُورَةُ النَّاسِ مَكِّيَّةٌ = ٢١ | رُكُوعُهَا ١

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان، رحم کرنے والا ہے

قُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ﴿١﴾ مَلِكِ النَّاسِ ۙ﴿٢﴾ إِلٰهِ النَّاسِ ۙ﴿٣﴾

قُلْ	أَعُوذُ	بِرَبِّ	النَّاسِ	مَلِكِ	النَّاسِ	إِلٰهِ	النَّاسِ
کہہ دیجئے	میں پناہ میں آتا ہوں	رب کی	لوگ	بادشاہ	لوگ	معبود	لوگ

کہہ دیجئے میں پناہ میں آتا ہوں لوگوں کے رب کی، لوگوں کے بادشاہ کی، لوگوں کے معبود کی،

مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۙ﴿٣﴾ الَّذِي يُوَسْوِسُ فِي

مِنْ	شَرِّ	الْوَسْوَاسِ	الْخَنَّاسِ	الَّذِي	يُوَسْوِسُ	فِي
سے	شر	وسوسہ ڈالنے والے	چھپ کر حملہ کرنے والے	جو	وسوسہ ڈالتا ہے	میں

وسوسہ ڈالنے والے، چھپ چھپ کر حملہ کرنے والے کے شر سے، جو وسوسہ ڈالتا ہے

١ ع ٦ ٣٩

صُدُورِ النَّاسِ ۙ﴿٥﴾ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ﴿٦﴾ ع

صُدُورِ	النَّاسِ	مِنَ	الْجِنَّةِ	وَالنَّاسِ
سینے (دل)	لوگ	سے	جن (جمع)	اور انسان

لوگوں کے دلوں میں، جنوں میں سے اور انسانوں میں سے۔